تحفہ روحانیات

نومبر ۲۰۰۹

سید عابد حسین شاہ

غارِ حراء کے اس درو دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

ماہنامہ روحانی
تحفۂ روحانیات
ادارہ روحانیات کا انقلابی قدم

جلد نمبر 5 نومبر 2009ء شمارہ نمبر 5

ترتیب مضامین

ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
موبائل نمبر
0300-6351192
0333-6158193
061-8151583

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان ما بہ جنت اعلیٰ برابر است آہستہ پا بنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کیے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستگی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔

(ابو محمد مصباح العلم)

☆کلمہ استغفار "أستغفرَالله رَبی مِن کُلِ ذَنب واتوُب الَیه" (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گہاوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔

☆اَللهمَ صَلےِ عَلی مُحَمَد وعلے آلِه مُحمد بِعَدَ دَالمُزمِل وَالخصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادیگا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردیگا۔ جس مشکل کیلئے پڑھیگا وہ مشکل آسان ہوجائیگی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کرکے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کیے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کیلئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا "میں نے حضرت محمدؐ دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں

ماہ ذیقعدہ اور زکات سورۃ مزمل

ماہ ذیقعدہ میں سورۃ مزمل کی زکات کا طریقہ اس طرح ہے کہ قبل نماز فجر دو رکعت نماز نفل برائے ادائیگی زکات سورۃ مزمل ادا کی جائے۔ سفید لباس زیب تن کریں اور عطر گلاب سے کمرہ کو معطر کردیں۔ سبز رنگ کی روشنی زیرو کا بلب جلائیں۔ سورۃ مزمل کا ورد 11 بار اس طرح شروع کریں کہ ہر ایک بار پڑھنے کے بعد 14 مرتبہ الحمد شریف پڑھیں۔ اول آخر درود مزمل 14 بار پڑھیں مدت عمل زکات 14 یوم ہے۔ بعد ادائیگی زکات درج بالا طریقہ سے بعد نماز فجر صرف 1 بار پڑھ لیا کریں اس زکات مبارکہ کی برکت سے صاحب عمل کو تاحیات رزق کی کمی نہ ہوگی۔ انشاءاللہ بیماروں کیلئے بھی شفا حاصل ہوگی صاحب عمل کے پاس روحانی و جسمانی کسی بھی قسم کا مریض آیت تو الحمد شریف مع بسم اللہ اس طرح تحریر کر کے مریض کو پینے کیلئے دیں کہ اول سورۃ مزمل کی 5 آیتیں تحریر کرے اور پھر الحمد شریف 5 دن تک مریض کو یہ پانی پینے کیلئے دیں گے۔ بحکم باری تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔ اگر کسی کو رزق کی تنگی ہو تو درج بالا طریقہ سے سفید کاغذ پر سبز روشنائی سے تحریر کرکے دیں۔ انشاءاللہ بے انتہا رزق حاصل ہوگا۔

سورۃ مزمل کے خواص

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

وَذَرْنِی وَالْمُکَذِّبِیْنَ
اُولِی النَّعْمَۃِ وَمَھِّلْھُمْ قَلِیْلًا (آیت نمبر 10)

(ترجمہ) اوران جھٹلانے والوں سے مجھے نبٹنے دو۔ اوران کوتھوڑی مہلت دے دو۔

وہ لوگ جوکہ دشمنی رسولؐ میں حد سے بڑھ گئے، جن کانشانہ صرف اورصرف نبی کریمؐ کی ذات مبارکہ تھی۔ اللہ تعالیٰ نے آیت مذکورہ میں ایسے کافروں کی طرف اشارہ کیاکہ جوآپ نبی کریمؐ کو تبلیغ اسلامؐ کے بارے میں مختلف طریقوں یا بہانوں سے رکاوٹیں ڈالتے۔ جب کسی شخص کو کسی دوسرے سے محبت ہوتو وہ اپنے محبوب کا ہرطرغ سے خیال رکھتا ہے لیکن جہاں پر ذکر باری تعالیٰ کی محبت کا آتا ہے اور وہ ہستی جس سے رب کائنات نے محبت فرمائی۔ رسولؐ کے دشمن اللہ کے دشمن ہوئے اوراللہ کے دشمن رسولؐ کے دشمن ہوئے۔ آیت قرآن پاک پرغورکریں تو حقیقت واضح ہوگی کہ جس مقام پر دشمنان رسول کے بارے میں ذکرآیا۔ تو وہاں پرعلی اعلان باری تعالیٰ نے فرمادیا۔ جیسے **تبت یدا ابی لھب وتب** یعنی کہ ٹوٹ جائیں ابی لھب کے ہاتھ اور وہ ہلاک ہو۔ براہ راست دشمن کا نام لے کراور باری تعالیٰ کی جانب سے اُس پرنازل ہونے والی اذیت انتقام کا بالکل واضح طور پراعلان فرمادیا لیکن جہاں پربات اللہ کے اپنے نہ ماننے کی آئی۔ وہ لوگ جوکہ اللہ تعالیٰ کی ذات کا انکارکرتیوہ لوگ جوکہ باری تعالیٰ کے دشمن تھےلیکن نبی کریمؐ کی ذات اقدس کوپھربھی کسی حدتک مانتے تھے۔ ایسے مقام پراللہ تعالیٰ نے قل یعنی کہہ دو کا لفظ استعمال فرمایا جیسے کہ **قل یا ایھا الکافرون** ۔(ترجمہ) کہہ دو کافروں سے۔ اسی طرح آیت مذکورہ میں اُن کافروں کے بارے میں جوکہ باری تعالیٰ سے دشمنی رکھتے تھے نبی کریم کو مزید ہمت اور حوصلہ عطا فرماتے ہوئے فرمایااور رحم کا خانہ باری تعالیٰ کی ذات میں پھربھی دشمنوں کیلئے ہے اسی وجہ سے آیت مبارکہ کے دوسرے حصہ میں فرمایا **وَمَھِّلْھُمْ قَلِیْلًا** (ترجمہ) ان کوتھوڑی مہلت دے دو۔ وہ ذات جوکہ رحیم وکریم ہے اپنی دشمنی میں مبتلا لوگوں کیلئے پھربھی لچک کی گنجائش رکھے ہوئے ہے لیکن اپنے محبوب کی دشمنی میں جولوگ مبتلا ہوں اُن کیلئے کسی قسم کی کوئی لچک نہ رکھی قارئین سورۃ لھب کا ترجمہ ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

غلبہ دشمن

غلبہ دشمن حاصل کرنے کیلئے آیت مبارکہ کے حروف خاکی کی قوت سے کام لیا جاسکتا ہے۔ درج بالا آیت میں حروف خاکی کی تعداد 3 ہے جن کا عدد قمری مجموعہ **450** بنتا ہے۔ مجموعہ اعداد میں دشمن کا نام مع والدہ کے عدد شامل کریں۔ کل اعداد کے مجموعہ میں **یا یموت** کے عدد بھی شامل کر لیں۔ حاصل کردہ کل اعداد سے **306** عدد نفی کردیں۔ قواعد نقوش کے مطابق مربع خاکی چال پُر کریں۔ نقش کے چاروں کونوں پر اسمائے الٰہی **یا قھار** درج کریں اور قبرستان میں دفن کردیں دشمن کے بارے میں بددعا کریں لیکن اس سے قبل آیت مبارکہ کو **450** بار ورد کریں۔ ورد کا طریقہ خاص اور اجازۃ عمل بندہ احقر سے فون پر معلوم کیا جاسکتا ہے کیونکہ جلالی اور قہاری عمل ہے اور ایسے اعمال بزرگوں نے نااہل سے پوشیدہ رکھنے کا حکم دیا ہے لہٰذا نقطہ خاص صاحب عمل کی اہلیت پر ہی واضح کیا جائیگا۔

برائے خاتمہ جادو سحر

جادو سحر کے خاتمہ کیلئے آیت مبارکہ حروف آتشی سے کام لیا جاسکتا ہے۔ آیت مبارکہ میں حروف آتشی کی تعداد 4 ہے **الف 'ھا 'میم' ذال** جن کا اعداد شمسی **1510** برآمد ہوتے ہیں۔ اسمائے الٰہی **یا اللہ یا ھادي یا مغني یا ذکی** مربع آتشی جس کے کونوں پردرج بالا اسمائے الٰہی اس طرح تحریر فرمائیں **یا اللہ بحق یا الف** نقش کے دائیں جانب پہلے کونے پر نقش کے بالائی حصہ پر **یا ھادی بحق یا ھا**' بائیں جانب **یا مغنی بحق یا میم** ذیلی جانب **یا ذکی بحق یا ذال** تحریر فرمائیں۔ آیت مبارکہ کا ورد روزانہ 6 یوم تک بعد نماز مغرب **394** بار کیا جائے اور آخری ساتویں دن **396** بار ورد کریں گے اسی دوران جادو سحر جنات آسیب کی جانب سے صاحب عمل کو بہت ڈراؤنے خوفناک خواب یا اشارات ملتے ہیں ہرگز گھبرانا نہیں چاہیے کیونکہ یہ صرف آپ کو مقصد کی خاطر ظاہر ہونگے۔ مکمل اعتماد اور یقین کے ساتھ عمل مکمل کرلیں گے تو آخری دن تمام جل کر راکھ ہوجائیں گے۔

امریکی دہشت گردی

کہانی کہاں سے شروع ہوئی

تحریر: ماہر روحانیات شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ

مسلمانوں کو دہشت گرد کہنے والے خود کیا ہیں؟ کیا اب بھی ہمیں ان ممالک کی سیاحت کرنی چاہیے؟ جو ہمیں نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

لفظ دہشت گردی اب پوری دنیا میں جہاں بھی استعمال ہوتا ہے ساتھ ہی تصور میں مذہب اسلام گھوم جاتا ہے۔ اسلام جو کہ لفظ **سلم یعنی سلامتی** سے ماخوذ ہے۔ امن پسند مذہب ہے۔ سلامتی یا امن کا منفی متضاد حرف خوف' دہشت ہے۔ دہشت گردی یا دہشت کے عوامل کیا ہیں یہ لفظ کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟ یہ کوئی مشکل سوال نہیں،

دہشت گردی کو کئی اقسام سیاسی' مذہبی' معاشی' ریاستی دہشت گردی میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ایسی اقسام جو کہ پوشیدہ ہیں۔ اُن میں لسانی' فرقہ وارانہ خارجہ پالیسی' مجرمانہ' تحریک آزادی' انفرادی' جنونی' احتجاجی' انتظامی **'نفسیاتی'** انقلابی' گوریلا' جنگی دہشت گردی کے لفظ شامل ہیں۔

اپنے حق کو منوانا اور معاشرے میں امن قائم کرنا اس کے خلاف ڈٹے رہنا یہ یقیناً مذہبی دہشت گردی کہلائے گی لیکن کسی دوسرے شخص کے گھر میں گھس جانا اپنے فائدہ کی خاطر۔ گھر کے مالک کو گن پوائنٹ پر یرغمال بنانا یا زیادہ مال کا لالچ دے کر اپنے قابو میں کر لینا اور خود پس پردہ گھر کا مالک بن جانا۔ یہ **نفسیاتی دہشت گردی** کہلاتی ہے۔ ان عوامل کے دائرہ کار میں غور کریں تو کیا یہ محسوس نہیں ہوتا کہ **امریکہ نفسیاتی دہشت گردی کا شکار ہے۔**

اس نفسیاتی دہشت گردی کی کہانی یوں شروع ہوتی ہے کہ 1980ء سے قبل ایشیاء میں امریکہ کا کوئی خاص اثر رسوخ نہ تھا اور نہ ہی اُس کو اسکی ضرورت محسوس ہوتی تھی کیونکہ اس وقت اُس کے پاس فری پورٹ ہانگ کانگ اور گرم پانی کا سمندر موجود تھا۔ لیکن جب 99ء میں چین سے اس کا معاہدہ ختم ہونا تھا تو اُس وقت امریکہ کو تشویش کا سامنا کرنا پڑا یہی وہ وقت تھا کہ ایشیاء میں اپنا اثر ورسوخ قائم کرنے کیلئے منصوبہ بندی کرنا تھی۔ دوسرا پہلو یہ بھی تھا کہ امریکہ ایشیاء کے ایسے خطے کو تلاش کرے جہاں پر اپنی **جزوی حکومت** قائم کر کے دیگر طاقتور ممالک چین' ایران' کوریا پر اپنا خوف اور تسلط قائم رکھ سکے۔ لہذا اُسے قدم جمانے کیلئے کچھ ایسے مفاد پرست لوگوں کی ضرورت تھی جو اُس کا ساتھ دیں۔ وہ **مفاد پرست بھارت اور اسرائیل** کی صورت میں اب بھی اس کے ساتھ ہیں۔

اسی دوران امریکہ میں 80ء کے عشرہ میں پاکستانی صوفی شیخ جیلانی نیویارک تشریف لائے اور دارالسلام کی ایک مسجد میں وعظ شروع کر دیا جس کے نتیجہ میں چند متعدد آپ کے گرد جمع ہو گئے۔ شیخ صاحب کے علم وکرامت کی شہرت دیگر مساجد میں پھیلی اس طرح دارالسلام کی اُس مسجد میں مسلمانوں کا اجتماع بڑھتا گیا۔ ان حالات میں امام یحیٰی کو شیخ جیلانی کے حق میں دست بردار ہونا پڑا۔ اسی طرح **امریکہ میں اسلام کا راستہ اور دائرہ کار بڑھتا گیا**۔ سیاہ فام دانشوروں نے تیزی سے اسلام کی راہیں ہموار کیں کیونکہ وہ سفید فاموں کے مذہب سے بیزار ہو چکے تھے۔ ایک جائزہ کے مطابق 94ء سے 2000ء کے دوران امریکہ میں نمازیوں اور مساجد کی تعداد میں زبردست اضافہ ہوا یہی وجہ تھی کہ امریکیوں کو مسلمانوں سے خوف آنے لگا۔ مذہب اسلام کو پھلتا پھولتا دیکھ کر امریکی سیاستدانوں نے اسے بدنام کرنے کی **سازشیں کرنا شروع کر دیں** اور یہ سازشیں آج اپنے عروج پر ہیں۔

1857ء سے 1947ء تک برطانیہ نے اس خطہ میں جابرانہ حکمرانی کی سب کچھ سمیٹ کر جو کچھ لے جا سکتا تھا وہ لے گیا اور اس خطہ کو بالکل خالی کر گیا۔ جاتے ہوئے ایسے تقسیم کا بیج وجہ تنازعہ رکھ گیا کہ دونوں بڑی طاقتیں آج تک اس **غیر منصفانہ**

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
پیر	2	09:12 تا 10:07	15:38 تا 16:34	مغرب	18:34 تا 19:38	جنوب

مسلط عذاب وقہر

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نحس نظر کے تحت مخالف پر بندش کاروبار ڈالنا یا اہل قلم کا قلم بند کرنا یا دشمن کی دماغی قوتوں کو بند کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے نیز دشمن پر کسی بھی قسم کا غلبہ دباؤ یا مصیبت وآفت طاری کرنے کیلئے عمل کی قوت سے کام لیا جاسکتا ہے لیکن یاد رہے کہ مذکورہ عمل کے تحت موکلات و جنات سفلی اس قدر غضب ناک ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بلاوجہ یا معمولی سی رنجش کی بناء پر کسی کو ناحق پریشان کرے گا تو عمل کی روحانی قوت کے تحت وہ شخص ایسی مصیبت اور پریشانی میں گرفتار ہوگا کہ تاحیات جان بخشی نہ گی۔

یہ نظر برج اسد وعقرب میں سیارگان کی موجودگی کے تحت آرہی ہے۔ ویسے بھی دونوں بروج کی دائمی دشمنی مانی جاتی ہے یہ نظر نحس اکبر شمار کی جائیگی۔

(عمل) درج بالا ساعتوں میں سیہہ جانور کا کانٹا جو کہ قبل از وقت مہیا کیا گیا ہو۔ لیموں کا عرق حاصل کریں بھوج پتر یا سیاہ کپڑے پر اس عرق کی سیاہی سے اس کانٹے کو بطور قلم استعمال کریں۔ مربع آتشی خا کی چال کا 306 عدد رفتار سے بلا کٹ پُر کریں۔ نیچے مقصد تحریر کریں۔ دشمن کا پہنا ہوا کپڑا یا بال مل جائے تو وہ اُس میں لپیٹ دیں۔ اب ایک لیموں کو کاٹ کر اس کے درمیان میں سیہہ کانٹا پروتے ہوئے قبرستان میں دفن کردیں۔ جس شخص کے لیے درج بالا ساعت میں بدعا کی جائیگی۔ اُس پر ویسے ہی مصیبت وعذاب نازل ہوگا لیکن قارئین اس عمل کو بلا اجازت ہرگز نہ کریں۔ قبل از عمل استخارہ لازمی کریں کیونکہ عمل نہایت سخت ہے استخارہ میں اجازت عمل ملے تو شوق سے کریں ورنہ دشمن کو معاف کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

(نوٹ) یہ عمل عام ہرگز نہیں صرف اہل علم کی خدمت میں اس نیت سے پیش کیا جارہا ہے کہ بوقت اشد ضرورت ظالم وجابر شخص کیلئے کیا جاسکے۔

شمس قران عطارد

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
جمعرات	5	8:20 تا 9:12	14:43 تا 15:38	شمال مشرق	21:48 تا 22:53	شمال

فتح مقدمہ غلبہ دشمن

(مقصد عمل) سیارگان کی اس نظر کے تحت دشمن پر فتح، مقدمہ میں جیت، حصول وراثتی جائیداد کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے۔ سیاروں کی یہ نظر برج عقرب میں قائم ہورہی ہے۔ غلبہ دشمن کیلئے بہترین وقت ہے۔

(عمل) درج بالا نظر کے دوران ساعت خاص میں لوہے کے قلم سے ٹین پر نقش مثلث تیار کیا جائے۔ **یا قوی یا قابض یا مغنی یا منعم یا فتاح یا فاتح** کے ابجد قمری 3299 میں اپنے نام کے اعداد قمری شامل کریں۔ مثلث کے چاروں کونوں پر مذکورہ اسمائے الہیہ تحریر کریں دوسری جانب دونوں سیارگان کا طلسم کندہ کریں نیچے مقصد عمل لکھیں۔ لوح تیار کرنے کے بعد سرخ رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کردائیں بازو پر باندھ لیں دوران عمل لوبان، ہرمل کا بخور روشن کریں روزانہ 489 بار مذکورہ بالا اسمائے الہیہ کا ورد کرتے رہیں انشاللہ چند یوم میں ہی مقصد حل ہوگا۔ وہ لوگ جو علم نقوش سے ناواقف ہوں یعنی نقش نہ پُر کرسکتے ہوں مربع حاشیہ میں درج بالا اسمائے الہیہ تحریر کریں اور اس حاشیہ کے اندر دونوں سیارگان کے طلسم جو کہ گزشتہ تحفہ روحانیات میں کئی بار شائع کیا جاچکا ہے۔ طلسم عطارد وشمس کندہ کریں۔ درمیان میں ہی اپنا مقصد بھی لکھیں بعد تیاری کے جب تک تعداد مکمل نہ ہو مذکورہ اسم الہیہ کا ورد کرتے رہیں۔ باقی عمل درج بالا طریقہ سے ہی کریں انشاللہ جلد کامیابی ملے گی۔

مضمون ہذا میں عمل شر سے قبل اجازت ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے لازمی لیں ورنہ سخت رجعت ہوسکتی ہے۔ اسی مضمون میں شائع کی گئی سمتوں کی جانب اپنا رُخ کریں گے تو رجال الغیب آپ کی پشت پر ہونگے۔ اسی مضمون میں شائع کردہ ٹائم ٹیبل پرانے ٹائم کے مطابق ہے۔

عطارد تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
پیر	9	8:20 تا 9:14	14:41 تا 15:35	جنوب مغرب	18:30 تا 19:35	مغرب

زیارت نبی کریمؐ

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر میں پوشیدہ روحانی راز کو جاننے کے لیے عمل کر سکتے ہیں آج کا وظیفہ حضور اکرم کی زیارت پاک سے متعلق ہے ایسے عاشقان رسولؐ کے لیے نہایت پُر تاثیر عمل ہے جس کے کرنے سے زیارت نبی کریمؐ ہوجاتی ہے۔

(عمل) درج بالا ساعت میں دو رکعت نماز برائے زیارت پاک نبی کریمؐ ادا کریں پاک صاف بستر کو خوشبو سے معطر کرلیں آنکھیں بند کر لیں دل میں تصور روضہ رسول کریں کہ آپ روضہ رسولؐ پر حاضر ہیں اور درج ذیل درود مزمل کو اسی حالت میں 700 بار پڑھیں مگر خلوص نیت اور خلوص دل سے پڑھیں۔ رات سونے سے قبل اسی عمل کو پھر دہرائیں اور اسی حالت میں بغیر بات کیے درود شریف پڑھتے ہوئے سو جائیں درود شریف درج ذیل ہے۔ "**اللھم صلی علی محمد وعلے آل محمد بعدد المزمل والخصائص**" انشاءاللہ تعالیٰ اسی رات زیارت ہوگی اگر اس رات زیارت نہ ہو تو آپکے عمل کرنے میں کوئی کوتاہی یا غلطی ہوسکتی ہے پھر 3 رات اسی طریقہ سے یہ عمل دہرائیں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

شمس تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
منگل	10	7:25 تا 8:20	13:46 تا 14:41	مغرب	18:20 تا 19:35	جنوب

وصولی قرض

درج بالا ساعت میں کسی محکمہ میں اعلیٰ افسر جو کہ بڑے عہدے پر فائز ہو اور اس سے آپ اپنا کام نکلوانا چاہتے ہیں یا کسی سے آپ قرض لینا چاہتے ہو اور وہ شخص قرض دینے کے لیے تیار نہ ہو اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) ایک تسبیح درود شریف +1 تسبیح استغفار +سورۃ النصر 240 بار + یاودود 200 بار +1 تسبیح درود شریف دعا مقصد یعنی اپنے مقصد کی دعا کریں۔ کسی سفید کاغذ پر دعا سورۃ النصر ایک بار لکھیں نیچے اسم اعظم یا ودود 20 بار لکھیں آخر میں مقصد عبارت تحریر کریں مثلاً یا الٰہی (اپنا نام مع والدہ) کی خصوصی محبت (جس سے کام لینا ہے اسکا نام مع والدہ) کے دل میں فوری پیدا فرما دے روزانہ بعد نماز فجر 20 بار یاودود اول آخر درود شریف 20 بار پڑھ کر اس کاغذ پر پھونک ماردیں بعد تحریر اس کاغذ کو لپیٹ کر ہوا میں لٹکا دیں ہر روز فجر کی نماز کے بعد مقررہ تعداد اسم اعظم پڑھ کر پھونک دیں۔

عطارد تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
منگل	17	09:18 تا 10:11	15:33 تا 16:24	مغرب	17:20 تا 18:26	جنوب

حل المشکلات

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر میں اپنی مشکلات کے حل کے لیے عمل کر سکتے ہیں خواہش جائز ہونی چاہیے آج کے عمل سے انشاءاللہ تعالیٰ حاصل ہوگی۔

(عمل) 21 بار درود شریف +21 بار سورۃ مزمل +21 بار درود شریف آخر میں پڑھیں بعد بڑھائی سفید کاغذ پر زعفران کی سیاہی سے سورۃ مزمل لکھیں اس کاغذ پر اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لکھیں اس لکھے گئے کاغذ کو فریم بنوا کر دوکان یا مکان میں لٹکا دیں دوکان کی بندش ختم ہوگی رزق میں اضافہ ہوگا بچیوں کے رشتے کے بارے میں پریشان والدین اس کاغذ کو تعویذ کی صورت میں لپیٹ کر بچی کی دائیں بازو پر باندھ دیں ہر روز بعد نماز فجر 7 بار اول آخر درود شریف اور 7 بار سورۃ مزمل پڑھ کر اس کاغذ پر دم کریں۔

زہرہ تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
بدھ	18	10:17 تا 11:19	12:01 تا 12:53	جنوب	18:22 تا 19:30	شمال مغرب

غلبہ حاسدین

(مقصد عمل) ستاروں کی نظر کی ابتداء میں حاسدین اور مخالفین کو اپنے مرتبہ سے گرانے کے لیے یا ان کو ذلیل کرنے کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے یاد رہے کہ عام حالات کے چھوٹے موٹے اختلافات کی بناء پر یہ عمل نہ کیا جائے اگر بہت بڑی مجبوری ہو یا حاسدین ومخالفین سے آپ پریشان ہوں ان سے بچاؤ کا کوئی طریقہ نہ ہو تو آپ اس عمل کو کر سکتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار 3 عدد لیموں اور ہر لیموں کے لیے 13 عدد سوئیاں پاس رکھیں ہر سوئی پر ایک بار سورہ کوثر پڑھیں اور لیموں میں پیوست کر دیں اسطرح سے ہر لیموں میں 13 سوئیاں پیوست ہونگی اور ایسے ہی 3 لیموں آپ بنائیں گے 1 لیموں کو آپ مخالفین کے گھر یا عمارت میں پھینک دیں دوسرا لیموں قبرستان میں دفن کر دیں اور تیسرا لیموں کسی کھنڈر مکان کے اندھیرے کمرے میں رکھ دیں انشاءاللہ آپ کا دشمن مقہور ہوگا حاسدین اور مخالفین پر آپ غالب آئیں گے اس عمل میں بسم اللہ اور درود شریف نہیں پڑھنی پڑھتے وقت اپنے مخالفین کا مکمل تصور ذہن میں رکھیں۔ بعد میں 36 روپے کی نمکیں چیز بچوں میں تقسیم کر دیں۔ عمل کے دوران کھٹی یا کڑوی شے منہ میں لازمی رکھیں۔

زہرہ تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
منگل	24	8:28 تا 9:21	14:38 تا 15:30	جنوب مغرب	18:23 تا 19:30	مغرب

تباہ و بربادی

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمن کو تباہ و برباد کرنے کے لیے یا اُس کے کاروبار کو بند کرنے کے لیے عمل کر سکتے ہیں یاد رہے کہ معمولی رنجش کی بناء پر یہ عمل کرنے والا خود بڑی مصیبت میں گرفتار ہو جائے گا عمل صرف ایسی جگہ کیا جائے کہ جو شخص ناجائز طریقہ سے کمائی گئی مال و دولت کے سر پر غرباء اور شریف لوگوں کو بلاوجہ تنگ کرتا ہے۔

(عمل) اس وقت سے قبل ان جگہوں کی مٹی حاصل کر لیں، گدھے کے لیٹنے کی جگہ کی مٹی + عیسائی قبرستان کی مٹی + کھنڈر مکان کی مٹی + فقیر کی جھونپڑی کی مٹی + مسلمان قبرستان کی مٹی + صحرا کی ریت + خودکشی سے مرنے والے کی قبر کی مٹی کو ایک جگہ جمع کر لیا جائے اوپر دئے گئے وقت اور سمت کے مطابق 80 بار سورۃ تبت یدا بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے پڑھی جائے اس مٹی کو جس شخص کو تباہ و برباد کرنا ہو۔ اُس کے دوکان یا مکان میں ڈال دی جائے وہ شخص جلد ہی تباہ و برباد ہو جائے گا۔ ناجائز عمل کرنے والا یا کسی کو ناحق تکلیف پہنچانے والا اس عمل کے اثر سے چند دن میں ہی خود تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔

رسالہ تحفہ روحانیات کے تمام **لکھاری حضرات کو مطلع** کیا جاتا ہے کہ رسالہ ہذا میں جو مضمون ارسال کریں۔ برائے مہربانی وہی مضمون کسی دوسرے رسالہ میں شائع نہ کروائیں۔ اس طرح کرنے سے لکھاری کا ہی قلمی معیار گرتا ہے۔ (ادارہ)

شمس تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
منگل	24	7:36 تا 8:28	13:45 تا 14:38	جنوب مغرب	17:16 تا 18:23	مغرب

برائے کشادگی رزق

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے۔

(عمل) آج کے اس عمل میں اسم اعظم یا باسط کا ورد 720 بار کریں اگر نقش بنا سکتے ہوں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم باسط 72 ہیں اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں نقش خا کی چال اپنے پاس رکھیں باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کر لیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم **یا باسط** 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کر دیں روزانہ ایک چھوہارا لیں اور نہار منہ اس چھوہارے پر 72 بار **یا باسط** پڑھ کر کھا لیں اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دُعا کریں اس چھوہارے کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوہارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار **یا باسط** پڑھا جائے ہر قسم کی بندش ختم ہونے کے ساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

عطارد تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
اتوار	29	8:32 تا 9:24	14:37 تا 15:30	شمال	17:14 تا 18:22	مشرق

حصول کامیابی

(مقصد عمل) ستاروں کی اس سعد ترین نظر میں آپ اپنے ہر نیک مقصد کے لئے عمل کر سکتے ہیں بشرط ہے کہ آپ کی نیت خالص ہو میں کامیابی کے لئے یقین کامل پہلی شرط ہے آپ کی زندگی کا ہر مقصد شادی بیاہ، روزگار، مقدمہ گھریلو لڑائی جھگڑے وغیرہ کے حل کیلئے اس عمل سے مکمل فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 2 رکعت نماز صلوۃ الحاجات + 21 بار درود شریف + 21 بار آیت مبارکہ ان اللہ علی کل شئ قدیر + 21 بار درود شریف ہر روز بعد نماز فجر 21 بار اسی طرح آیت مذکورہ کا ورد کریں جلد ہی مطلوبہ مقصد پورا ہو گا۔ آیت مذکورہ کو 107 بار کاغذ پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر بھی باندھ لیں۔ نیچے اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لازمی لکھیں۔

خاص علامت

اہم شخصیات

از تحریر
آسٹرو پامسٹ
ندیم اشرف
سمندری

ماہنامہ تحفہ روحانیات میں پامسٹری پر بہت لکھ چکا ہوں مگر اس علم کے شائقین کے فون آ رہے ہیں اور خطوط بھی مل رہے ہیں۔ کہ ابتدائی پامسٹری کے بعد اہم علامات کا ذکر کیا جائے۔
مگر کبھی اہم شخصیات کے ہاتھوں پر کوئی ایسی علامت دیکھنے میں نہیں آئی جو دوسرے انسانوں سے ممتاز کرتی ہو پامسٹری کے شائقین سے گزارش ہے کہ یہ علم بڑی باریک بینی کا متقاضی ہے۔
اور یہ کالم صرف اور صرف اس علم کے طالب علموں کی تسکین اور علمی اہمیت میں اضافہ کیلئے لکھ رہا ہوں۔

انسانی جسم پر تل کی اہمیت:۔

جسم پر تل ابھاروں کی معنوی حیثیت کو زیرِ نظر رکھ کر پڑھے جاتے ہیں۔ اگر جسم کے دائیں جانب یا ہاتھ کی دائیں ہتھیلی پر تل کا نشان ہو اور یہ نشان گہرا وار کا سا رنگ کا ہو تو یہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ اس فرد میں عطارد، شمس اور مریخ مشتری صفات موجود ہیں۔
اس کے برعکس اگر بائیں جانب تل ہو تو وہ شخص زہرائی، زحلی، قمری، نپچون اور یورانس صفات کا مالک ہے۔
اگر تل کا نشان سر یا ماتھے پر ہو تو وہ انسان قمری صلاحیتوں سے مالا مال ہوتا ہے۔ ایسے لوگ تخیل، رومان، سفر اور قدرتی نظاروں کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ اگر تل کا نشان چہرے کے کسی حصہ پر نمایاں طور پر نمودار ہو تو وہ زہرائی صفات کا مالک ہوتا ہے دنیا میں رنگ رلیاں اور مستیاں ان کے دم قدم سے ہیں۔ اگر تل کا نشان صرف ہاتھ کی پشت پر ہو تو وہ مشتری صفات کا مالک ہوتا ہے۔
اگر تل کا نشان دونوں ہاتھوں کی پشت پر پایا جائے تو وہ وافر مقدار میں زحلی صفات کا مالک ہے۔ اور ڈپریشن کا مریض ہونے کی بھی علامت ہے۔

انتہائی اہم علامات:۔

نوٹ:۔ آسٹرو پامسٹری میں دائیں اور بائیں ہاتھ کی تمیز نہ کی جاتی ہے۔ نیز کسی بھی ہاتھ سے موصوف کی صلاحیتوں کو علم نجوم سے مشابہہ کر کے حالات واقعات کا مشاہدہ بنا لیا جاتا ہے۔
جبکہ یورپین پامسٹری میں دائیں اور بائیں ہاتھ کو انفرادی حیثیت حاصل ہے۔ قدیم ہندوستان میں قسمت کا حال جاننے کے بعد عورت کو مرد سے کم تر نہیں سمجھا جاتا تھا۔ فطوت کی رائے ہے کہ خواتین زندگی کے تمام اسرار اور رموز کا محور ہیں۔ تب سے لے کر عورت اور مرد کے ہاتھ میں دائیں بائیں کا فرق مٹ گیا ہے۔
انفرادی طور پر کئی ایک خواتین کے ہاتھ پر پائی جانے والی علامات جو مندرجہ ذیل ہیں۔ اس بات کی علامت ہے کہ موصوفہ کی شادی کس اہم خاندان میں ہوگی خوشحالی اور درازعمر کی نشاندہی ہے۔
دوہرا مربع۔ دوہری لکیریں۔ تلوار کا نشان۔ آٹھ شاخہ ستارہ۔ تکون کا نشان جو خواتین و حضرات (راجہ یوگ) کے تحت پیدا ہوں گے ان کے ہاتھ یا پاؤں پر مندرجہ ذیل علامات ضرور ہونگی۔
ڈبل مربع۔ ہاتھی۔ مستطیل۔ ہل دائیں دروازہ۔ پنڈی۔ تلوار۔ بیل گاڑی کا پہیہ۔ دائرہ سیٹ۔ گھوڑا۔ درخت۔ دوہری مچھلی کی دم۔ ڈبلیو۔ یا ایم کی شکل مچھلی کا نشان۔
ان تمام علامتوں میں مچھلی کے نشان کا مشاہدہ کیا ہے۔
بیگم نسیم ولی خان کے ہاتھ پر تلوار کا نشان موجود ہے۔
مچھلی کی علامت آزاد کشمیر کے وزیراعظم سردار عبدالقیوم صاحب کے ہاتھ پر پائی جاتی ہے۔ جبکہ ڈبل مربع کا نشان سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر تاج جمالی کے ہاتھ پر ہے۔
تلوار کا نشان اے این پی کی صوبائی سربراہ بیگم نسیم ولی خان کے ہاتھ پر ہے۔
اگر ایک بڑی تکون یا ہیرے کی صورت کسی بھی ابھار پر پائی جائے تو متعلقہ ابھار کے فضائل میں اضافہ کی باعث ہوگی۔ اگر اس علامت کی موجودگی میں ہاتھ پر مچھلی دم کا نشان بھی کندہ ہو تو اسے انسان کی غمازی کرتا ہے جو پیدائشی ذہنی اور بہت بڑا سکالر ہوگا۔
زمانہ قدیم کے بادشاہوں میں راجوں اور اس دور میں بڑے بڑے جاگیرداروں اور صاحب اقتدار لوگوں کے ہاتھ پر جو علامات دیکھنے میں آئی ہیں۔
پاکستان کے معروف مذہبی رہنما پیر صاحب پگاڑو کے ہاتھ میں پالکی کا نشان پایا جاتا ہے سابق گورنر بلوچستان سردار گل محمد خان جوگیزئی کے شمس

کے ابھار نمایاں چھتری کا نشان ہے۔
اگر ہاتھ پر باریک ریشمین لکیروں دائیں سے بائیں چکروتی کے نشانات بنتے ہوں علاوہ ازیں رسی نما لکیروں سے بھی باریک ریشمین لکیریں ترتیب پاتی ہیں۔اور مندرجہ ذیل نشانات جھنڈا۔ بکری۔ مگرمچھ ۔ پھول کانٹا۔ بنیر۔ گودام نما نشان یہ چھپے خزانوں سے دولت منع کی غمازی کرتے ہیں۔
رسی نما لکیریں جناب میر تاج جمالی کے صاحبزادے چنگیز جمالی کے ہاتھ پر پائی جاتی ہیں۔معدنیات کے شعبے میں بہت روپیہ کمائیں گے۔
اگر ہاتھوں پر پیدائشی طور پر مندرجہ ذیل علامات ائی جائیں۔ دوہری مستطیل' بڑا ایم یا ڈبلیو۔ بنید۔ ٹمپل تکونوں کی چین انگوٹھے کی جڑ میں نفسیات کے ماہر اور میٹا فزیشن ہونے کی مظہر ہے۔
تکون کا نشان بین الاقوامی شہرت ظاہر کرتا ہے علاوہ ازیں ہاتھ پر مندرجہ ذیل علامات پر شعبہ گری میں انتہائی اہم ہوتی ہیں۔
تلوار۔ کلہاڑہ۔ تیر کمان۔ اور مریخ حنفی پر ترچھی لکیریں۔ (جہاں پر دماغ کی لکیر ختم ہوتی ہے)۔
اگر مندرجہ بالا علامات گہری ہوں تو حاکمانہ مزاج کی بھی مظہر ہوتی ہیں۔ اگر ان میں شکست و ریخت کا عنصر پایا جائے تو ایسا انسان عملی زندگی میں فائدہ حاصل نہ کرسکتا ہے۔
اگر انگلیاں تھوڑی سی متوازن اور موٹی اور پر گوشت ہونے کے ساتھ ساتھ سختی کا احساس بھی دلائیں تو ایسا انسان بہت امیر ہوتا ہے۔ مگر اس میں خودغرضی اور بے رحمی کا عنصر پایا جاتا ہے۔ اگر تیسری انگلی کے نیچے کراس کا نشان پایا جائے تو ایسا انسان بہترین اور نامور مصنف ہوتا ہے۔ دست شناس کی بھی پایا جانے والا برا عنصر دوسروں پر ظاہر نہیں کرتا۔
اگر مشتری کے ابھار پر دوہری قینچی کا نشان کندہ ہو تو ایسا انسان شخصی تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے۔
یہ لوگ زندگی میں دوستی نبھاتے ہیں۔ اگر یہی علامت کسی عورت کے ہاتھ میں پائی جائے تو وہ خوشگوار زندگی کی تمنائی ہوتی ہے۔
اور زندگی کے ساتھ ذہنی اور جنسی خواہشات کی دلدادہ ہوتی ہے۔ مگر اس میں بے حیائی کا عنصر نہیں پایا جاتا۔

غلطی کی اصلاح

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں دیئے گئے عربی آیات میں اعراب خود درست کرلیں یا کسی حافظ سے کروالیں اس کے علاوہ نقوش کی پڑتال بھی خود لازمی کریں مضمون شائع کرنے سے قبل ان چیزوں کا خیال ادارہ کی جانب سے رکھا جاتا ہے لیکن پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔

لوح فتح

دنیاوی پریشانی چاہے کسی بھی قسم کی ہو لوح فتح کی برکت سے چند منٹوں میں ہی ختم ہو جاتی ہے اس لوح کے پاس رکھنے سے مقدمات سے چھٹکارہ' مالی آسودگی' روزگار میں ترقی' قرض سے نجات' جسمانی صحت' گھریلو لڑائی جھگڑے سے نجات' من پسند شادی' حصول اولاد' دفع بندش کاروبار' غلبہ دشمن حاصل ہوتا ہے علم جفر کی اس معجزاتی لوح کی برکت سے کوئی ایسا کام نہیں کہ جس میں تاخیر ہو اس لوح کو عرصہ دراز سے آزمایا جاچکا ہے کہ جس کی برکت سے چند ہی دنوں میں بے شمار خوشیاں حاصل ہو جاتی ہیں۔ قدرت کا یہ ایک انمول تحفہ ہے۔ اپنی مشکلات اور پریشانیاں جوابی لفافہ کے ہمراہ نام مع والدہ کے ادارہ کو ارسال کریں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ادارہ روحانیات میں تیار کی جانے والی تمام الواح ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل صاحب اپنے دست مبارک سے تیار کرتے ہیں۔ ہدیہ لوح فتح 2100 روپے

0300-6351192

لوح تسخیر موکلات و جنات

اس لوح مبارک کی برکت سے چند ہی دنوں کے مختصر وظیفے سے موکلات و جنات کی تسخیر ہوتی ہے اور عامل کی روحانی قوتوں میں بے انتہاء اضافہ ہوتا ہے اس لوح سے آپ ہر قسم کی حاضرات بھی کروا سکتے ہیں اس کے علاوہ یہ لوح تسخیر خلق کیلئے بے انتہا کارآمد ہے شائقین روحانیات کے لئے انمول تحفہ ہے۔

ہدیہ لوح 2100 روپے

منی آرڈر ارسال کرنے کیلئے: ادارہ روحانیات نزد مزمل ہوٹل چوک ملتان

الہامات جفر دعوت بسم اللہ شریف

تحریر:۔ سید شعیب الرحمٰن شاہ کاکاخیل (ایبٹ آباد)

دعوت بسم اللہ شریف ایک مشہور اور پرتاثیر دعوت ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے برکات سے کون مسلمان واقف نہیں اس کے تاثرات میں نے خود براہ راست دیکھے ہیں دعوت بسم اللہ شریف کیلئے پہلے کوئی ایسا عامل کامل تلاش کریں جو کہ عمل کی اجازت دیدیں اور پھر ایسا مکان تلاش کریں جس میں بیٹھ کر روزانہ بسم اللہ شریف (6666) مرتبہ پڑھنا ہے اور (11) مرتبہ یک کاپی پر اس کو لکھنا ہے۔ اس طرح 40 دن میں زکات کے بعد بسم اللہ شریف کی تکمیل ہو جائے گی اس کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

جو لوگ دنیاوی زندگی میں پریشان ہوں زندگی کی پریشانیوں نے ناامید کر رکھا ہو نقصان پہ نقصان ہوتا جا رہا ہو۔ تو ان کے لیے آیات کیمیائے سعادت لیکر حاضر ہوں۔ اکثر لوگ خداوند کریم کا کلام کو چھوڑ کر کالے جادو کے پیچھے لگ جاتے ہیں اگر اللہ پاک رب العزت کے کلام پاک پر بھروسہ کریں تو یہ ایک ایسی نعمت ہے کہ اس سے بڑھ کر کوئی طاقت نہیں علم کامل راہنما ہے علم عقل کا چراغ ہے تو اللہ پاک کے اس کلام سے فائدہ اٹھائیں اور اپنی مصیبت کو ختم کریں اس کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں اس عمل کی برکت سے تحفظ سحر جادو، دشمنان، شیاطین، آسیب جنات پری، بھوت، چڑیل، موکلات، ہمزاد ارواح کی ہر قسم کے حرکات سے تحفظ حاصل ہوگا طرح جس کا کاروبار بند ہو یا کسی نے باندھا ہوا ہو یا ستاروں کی نحوست پر ان کو کھلی تاثیر ہوگی تسخیر خلق، تسخیر مستورات رجوع خلق ہوگی کسی یہ نحوست سیارگان ہو یا گھر میں قدرتی نحوست ہو ان سے تحفظ حاصل ہوگا۔

قرض ادا ہونے کے سامان غیب سے پیدا ہونگے۔

بے اولاد کے ہاں اولاد ہوگی۔

ناکام عاشق محبت میں کامیاب ہوگا۔

دنیاوی زندگی میں ترقی و عروج ملے گا۔

ہر طرح کی فتوحات مقدمات میں کامیابی ہوگی۔

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو اس کے لیے اس کی برکت سے چند دنوں میں اسباب پیدا ہونگے۔

جو لوگ لاعلاج امراض میں بتلا ہوں یا کسی کا غم ہے یا دشمن کے ہاتھوں سے تنگ میں کاروبار چلتے چلتے رک گیا ہے تو ان کے لیے یہ ایک نعمت ہے بلکہ اس ہزاروں فوائد ہیں جن کا صرفہ پھنسا ہوا ہے یا دن بدن قرضہ چڑھتا جا رہا ہے تو اس کی نجات کیلئے یہ عمل کریں اللہ پاک کے فضل و کرم سے نجات ملے گی۔ جو لوگ دل کے امراض میں بتلا ہیں یا بلڈ پریشر، شوگر، کینسر بلکہ ہر طرح کے لاعلاج امراض کیلئے شفاء میں مقاصد کا چارٹ بھی دیتا ہوں تاکہ لوگوں کیلئے آسانی ہو ان مقاصد کا چارٹ میں نے تفصیل سے لکھ دیا ہے تاکہ آسانی ہو یعنی کوئی بھی مقصد ہو اپنے نام کے اعداد کیساتھ مقصد کے اعداد جمع کر کے روزانہ پڑھیں آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور محمد ایاز مزمل صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک رب العزت آپ سب کو عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ یہ خصوصی طور پر میں نے لکھ دیا ہے۔

زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
45	950	850	400	217	284	340
ترقی و عروج	محبت	جادو	ترقی دولت	رجوع خلق	تسخیر خلق	تسخیر مستورات
989	450	14	1150	1009	2000	2377

اوج عطارد

عطارد چلتے چلتے جب برج عقرب کے 5 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے اوج حاصل ہوتا ہے اوج عطارد میں اکثر عاملین جفر ایسے عمل تیار کرتے ہیں جو ترقی دولت، ترقی فتوحات، کامیابی امتحانات، بے انداز دولت کے اسباب پیدا کرنے کیلئے اور ہر قسم کی فتوحات کیلئے کام دیتے ہیں اس عرصہ دراز میں ایک مشہور جفار سے ملاقات ہوں جب ان سے ملا تو بہت دکھ ہوا وہ جب جب کسی کو عمل تیار کر کے دیتے ہیں تو عمل چال کے بغیر لکھتے ہیں تو

میں نے اس جفار صاحب سے پوچھا کہ جفار صاحب آپ نقش چال کے بغیر کیوں لکھتے ہیں تو انہوں نے کہا کہ چال کی کیا ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ میں ہزاروں لوگوں سے بکنگ لیتا ہوں اگر ہر آدمی کو چال کیساتھ نقش لکھ کر دیا جائے تو اس پر مہینے لگ جاتے ہیں ہماری دنیا میں ایسے لوگ بھی ہیں اس لئے اکثر لوگ نقوش چال کے بغیر لکھتے ہیں اور پھر بے اثر کا شکوہ کرتے ہیں کہ عمل میں اثر نہیں ہے۔ اس مرتبہ اوج عطارد 31 اکتوبر کو 3:35 منٹ پر دوپہر کو شروع ہوگا۔ 31 اکتوبر صبح 6:39 منٹ پر ختم ہو جائیگا تو اس وقت آج کی محفل میں آئینہ قسمت کیلئے علم الجفر کا ایک پرتاثیر عمل لیکر حاضر ہوں امید ہے جبکہ سب کو پسند آئیگا عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے یہ عمل میں اعداد قمری کے بجائے ابجدی شمسی سے پر کرتا ہوں یہ میری طرف سے تحفہ ہے۔ اور عطارد کے ساتھ یہ لوح چاندی یا گولڈن کاگذ پر تیار کر کے پاس رکھیں۔ اس سال اوج عطارد 31 اکتوبر صبح 12:42 منٹ تا دوپہر 4:12 منٹ تک رہے گا۔

سورۃ بقرہ اعداد شمسی ملفوظی۔ 41712396

آیت یا الہ الالھۃ الرفیع جلالہ اعداد ابجدی شمسی۔ 8014

طالب کے اعداد شمسی۔ 970

کل اعداد۔ 41721380

تفریق۔ 58440

تقسیم۔ 5

اب خانہ نمبر 1 سے نمبر 25 تک ہر خانہ میں 974 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یا الہ الالھۃ الرفیع جلالہ کا ورد کریں اس طرح میزان چاروں طرف سے درست آئیگی۔

۷۸۶

یشمکائیل قولہ — جبرائیل — شیفقائیل الحق

کہیعص عزرائیل — حمعسق اسرافیل

۱۸	۲۲	۲۱	۳	۱
۸	۴	۵	۲۵	۲۳
۱۲	۱۱	۱۶	۲۴	۲
۱۷	۱۳	۹	۷	۱۹
۱۰	۱۵	۱۴	۶	۲۰

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

میکائیل

اوج عطارد

عطارد کو اوج اس سال 31 اکتوبر 2009ء کو 8:16 منٹ سے رات 11:02 منٹ تک رہیگا اوج عطارد میں اکثر عاملین جرایسے عملیات تیار کرتے ہیں جو کہ تسخیر افسران بالا امتحان میں کامیابی کیلئے پراثر ہوتے ہیں اس مرتبہ ماہنامہ تحفہ روحانیات کیلئے لوح رجوع خلائق پیش کرتا ہوں جسکا طریقہ مندرجہ ذیل ہے سات سلام معہ بسم اللہ شریف۔

اعداد=7645

طالب شعیب الرحمٰن=712

مقصد رجوع خلق=1009

کل اعداد=9366

تفریق=3930

باقی=5436

تقسیم=4

حاصل تقسیم=1359

کو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 131 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یا سلام کا ورد کریں۔ اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں اگر یہ لوح خود تیار نہ کر سکے تو مجھ سے تیار کروائیں۔

۷۸۶

اللہ اللہ لہ ھو

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

طلسم


وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

لوح زحل

اس سال 24 نومبر 2009ء کو تسدیس شمس زحل رات 8:35 منٹ پر قائم ہوگی زحل برج میزان میں شرف یافتہ ہے اور بے انتہائی طاقتور پوزیشن پر یہ نظر بنا رہا ہے فروری 2010ء کو مشتری زحل تربیع بنائے گی

مئی 2010ء میں زحل مشتری مقابلہ بنائیگا۔ اور اگست 2010ء میں مشتری زحل مقابلہ قائم کرے گا اسکی نحوست ہیں خطرناک پوزیشن پر ہوگی اور ہر شخص کو متاثر کریگی۔ خاص طور پر برج اسد، برج سنبلہ، برج میزان، برج عقرب اور برج حوت، برج حمل، برج سرطان اور برج ثور والے پر بہت بڑا اثر ڈالے گا۔

یہ مالی بربادیاں ظاہر کرتا ہے ان کو تحفظ کیلئے یہ لوح بنوانا چاہیے اس کی نحوست کسی نہ کسی طرح سے انسان پر وار ہوتی ہے اس کی نحوست سے بچنے کیلئے آپ کی محفل میں ماہنامہ تحفہ روحانیات کیلئے لوح دفع نحوست زحل پیش کرتا ہوں کیونکہ شرف زحل اکتوبر 2011ء میں آئیگا۔ اس وقت تک نحوست سے بچنے کیلئے یہ عمل پر تاثیر ہے آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور محمد ایاز مزمل صاحب کے حق میں دعائے خیر فرمائے اللہ پاک برکت عطاء فرمائے۔



عمل حصول اول انعام

تحریر:۔ سید کاشان علی (کراچی)

محترم قارئین! میں تمام قارئین حضرات کا اور خصوصاً تحفہ روحانیات کی مکمل ٹیم کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے میری حوصلہ افزائی کی اپنے وعدے کے مطابق میں رسالہ تحفہ روحانیات میں دوسری بار قلم اٹھا رہا ہوں اس سے پہلے عمل کشف القبور مئی 2009ء کے شمارے میں شائع ہوا تھا یہ عمل جو میں تحریر کر رہا ہوں بندہ خاکسار اس عمل کا عامل کامل ہے امید ہے قارئین کرام اس سے فیض اٹھائیں گے اور دوسرے لوگوں کو بھی فائدہ پہنچائیں گے۔ آج کل لوگ اس عمل سے ازحد فائدہ اٹھا رہے ہیں ہم نے جس کسی کو بھی یہ عمل بتلایا ہے آج وہ دنیا میں مالا مال ہے اس عمل کے ذریعے بہت سے گھر آباد ہو چکے ہیں جس غریب کو کوئی نہیں پوچھتا تھا آج وہ بھی امیر ہے یہ عمل کسی جادو سے کم نہیں کیونکہ ریس وسٹہ پرائز بانڈ اور انعامی لاٹریوں کے اعمال حاصل کرنے اور اس کی جستجو میں لوگوں کی عمریں بیت گئیں مگر وہ گوہر مراد حاصل نہ کر سکے ان لوگوں کے لیے یہ عمل کسی خزانے سے کم نہیں ہے۔

پرہیز:۔ گوشت کسی بھی قسم کا کھانا مکمل طور پر بند کر دیں اور بدبودار اشیاء کھانے سے مکمل طور پر پرہیز رکھیں۔

ہدایات:۔ نوچندی جمعرات سے اس عمل کی ابتداء کرنی ہے عمل سے پہلے پاک و پاکیزہ لباس پہن کر جو کمرہ عمل کے لیے مخصوص ہے اس کو صندل اگربتی اور خوشبوؤں سے معطر کر کے بعد نماز عشاء شروع کرنا ہے اور اسی مقام پر تا اختتام عمل وقت کی پابندی کرنی ہے اور نماز پانچ وقت باجماعت ادا کریں۔ کوئی ڈر و خوف اس عمل میں نہیں ہے اطمینان رکھیں۔ (نوٹ) اس عمل کو کرنے کیلئے یکسوئی قلب لازمی ہے یکسوئی قلب حاصل کرنے کیلئے روزانہ قبل از عمل اسم ذات اللہ 1000 بار پڑھیں اس سے عمل کی تاثیر جلد ظاہر ہوگی۔

عمل:۔ کامل یکسوئی کے ساتھ آنکھیں بند کر کے اسم یا باسط 7200 سات ہزار دو مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں چالیس دن پورے ہونے کے بعد عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے 101 مرتبہ روزانہ اپنے معمول میں رکھیں۔

ترکیب طریقہ عمل:۔

جس لاٹری ریس وسٹہ یا پرائز بانڈ کا نمبر معلوم کرنا ہو اس کا تصور کرتے ہوئے یکسوئی کے ساتھ آنکھیں بند کر کے یا باسط یا خبیر اخبری من العالم الغیب 313 مرتبہ پڑھنا شروع کریں 313 مرتبہ پڑھنے کے دوران بلیک رنگ کی ایک 2x1 فٹ کی سلائیڈ (بلیک بورڈ کی طرح) نظر آئے گی اس سلائیڈ پر مرکری رنگ کی روشنی سے نمبر لکھا ہوا آئیگا اس نمبر کو ذہن نشین کر لیں یہ سلائیڈ صرف ایک منٹ کیلئے ٹھہرے گی اور پھر خود بخود غائب ہو جائیگی یہ عمل صرف ہفتے میں 1 بار کریں اور اس سے حاصل کیا ہوا نمبر ایسے حضرات کو دیں جو بہت زیادہ مجبور اور ضرورت مند ہوں۔

قارئین سے ایک بار پھر عرض کئے دیتا ہوں کہ اس خاص عمل کو کھیل ہرگز نہ سمجھیں یا آزمائش کی نیت سے عمل نہ کریں۔ وہ تمام قارئین جو کہ درج بالا عمل کو آزمائش کی نیت سے کرنا چاہتے ہیں میں دست بہ دستہ التجا کرتا ہوں کہ برائے مہربانی زحمت نہ کریں۔ جو شخص اعمال پر اور کلام الٰہی پر مکمل اعتقاد اور یقین رکھتا ہوں۔ دل میں حب محمدؐ و آل محمدؐ تو یقیناً کامیاب ہوگا۔ عمل میں آزمائش کرنے والا شخص خود آزمائش میں گرفتار ہو جائیگا۔

کرشمات الارواح

تسخیر یوناس جن

از تحریر
رانا ناصر علی
جھنگ صدر

قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں تسخیر یوناس جن کا عمل حاضر خدمت ہے قارئین کرام یہ عمل جو میں آپ کو پیش کرنے جا رہا ہوں یہ عمل آپ کو کسی کتاب رسالہ یا جنتری میں نہیں ملے گا اور نہ ہی یہ عمل کسی عامل کے پاس دستیاب ہوگا کیونکہ یہ میرا صدری عمل ہے جسے میں نے اب تک اپنے سینے میں چھپا رکھا تھا اس طرح کے مجرب اعمال تو برسوں پیروں فقیروں و استادوں کی خدمت کے بعد بھی مل جائیں تو غنیمت جانئے گا اس عمل کو کرنے کے بعد کس دوسرے عمل کو کرنے کی حاجت باقی نہیں رہتی شائقین جنات کیلئے قابل قدر تحفہ ہے کیونکہ یہ جن تسخیر ہونے کے بعد ہر کام پلک جھپکنے میں کرتا ہے چاہے وہ سات سمندر پار کا کام ہی کیوں نہ ہو فوراً کرتا ہے غیر شرعی کوئی بھی کام نہیں کرتا لہٰذا اس سے کوئی کام غیر شرعی نہ لیں ورنہ ناراض ہو کر سخت نقصان پہنچائے گا۔ حب بعض دشمن کی تباہی و بربادی رشتوں و کاروبای کی بندش تڑوانا غائب ہوئے شخص کا حال بتانا ہر لا علاج بیماری کا علاج دریافت کرنا اور پرائز بانڈز و دیگر لاٹریوں کے شرطیہ نمبر بھی بتاتا ہے۔ غرض ہر جائز حاجت آپ کی پوری کرے گا اور اگر یہ آپ سے خوش ہو گیا تو یہ آپ کو بہت ہی پراسرار علوم روحانی آپ کو سکھائے گا۔

قارئین کرام آپ کو اس عمل کی تفصیل بتانے سے پہلے مناسب سمجھتا ہوں اس کا آپ کو مختصر تعارف کرا دوں۔ یوناس حکیم الجن ایک مسلمان جن ہے اور جنوں کا سردار ہے یہ قوم جنات کی اس نسل سے تعلق رکھتا ہے جن کے قد گز گز بھر کے ہوتے ہیں اور یہ رسی قبیلہ کا سردار جن ہے۔ اور بہت سے عجیب و غریب علوم پر حاوی ہے ہزاروں کی تعداد میں جن ان کے تابع ہیں کیونکہ یوناس جن قوم جنات میں بہت عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے جو قارئین اس جن کو مسخر کرنے کا شوق رکھتے ہیں وہ سب سے پہلے تقویٰ و پرہیز گاری اختیار کرے اور پھر نوچندی جمعرات سے اس عمل کی ابتداء کرے رات کے ٹھیک بارہ بجے کسی علیحدہ کمرے میں عمل کیلئے بیٹھے منہ قبلہ کی طرف ہو اپنے سامنے ایک طشت تانبے کا قلعی شدہ رکھیں اور کمرے کے چاروں کونوں میں ایک ایک چراغ رکھیں جس میں چنبیلی کا تیل ہو روشن کریں اپنا حصار قائم کریں اور طشت پر نظر رکھتے ہوئے عمل کو پورے سات سو اکہتر مرتبہ پڑھیں تعداد مکمل ہونے کے بعد بغیر کسی سے گفتگو کئے سو جائیں کل سات روز کا عمل ہے تیسرے دن سے عمل کے اثرات شروع ہو جائیں گے آپ کو ایسا معلوم ہوگا جیسے بہت سارا دھواں کمرے میں آ رہا ہے جو سرخ رنگ ہوگا حتی کہ کمرہ مکمل طور پر دھواں سے بھر جائے گا اور آپ کو کمرے کی کوئی چیز نظر نہ آئے گی لیکن آپ نے قطعی نہیں ڈرنا ہے بعض اوقات کمرے میں بہت سے چھوٹے چھوٹے بچے نظر آئیں گے اور آپ کو بلانے کی پوری کوشش کریں گے کبھی کبھار وہ اپنی شکلیں بھی بدل لیتے ہیں اور ڈرانے کی پوری کوشش کرتے ہیں لیکن آپ نے ان پر کوئی توجہ نہیں دینی ہے پانچویں دن سے عمل کا اثر بڑھ جائے گا کمرے میں بہت شور و غل ہوا کرے گا اور بعض ڈراؤنی شکلیں و سائے بھی چلتے پھرتے نظر آئیں گے لیکن آپ نے اپنا دل قوی رکھنا ہے۔ کسی بھی چیز پر بھی دھیان نہیں دینا اور نہ ہی ڈرنا ہے ساتویں رات جب آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہو جائے گی تو یوناس حکیم الجن آپ کے سامنے بالمشافہ حاضر ہوگا اس کی تعظیم کریں اور نہایت ادب سے اسے بیٹھنے کو کہیں پھر اس سے مناسب معاہدہ کر لیں جو جو کام لینے ہوں وہ سب اس سے طے کر لیں حاری کا طریقہ کار بھی دریافت کر لیں اس کے بعد اسے نہایت احترام کے ساتھ رخصت کر دیں پھر جب چاہیں حاضر کریں اور جو کام ہو کہیں فوراً اور آناً فاناً میں کرے گا قارئین کرام میں نے یہ عمل بلا بخل تفصیل کے ساتھ لکھ دیا ہے آخر میں اتنا عرض کرنا چاہوں گا کہ اس عمل کو بغیر اجازت کرنے کی زحمت نہ کریں کیونکہ بغیر اجازت عمل کرنے کے ساتھ ناکامی ہوگی اور رجعت کا شکار ہو جائیں گے لہٰذا اس عمل کی اجازت محترم قبلہ جنات ایاز مزمل صاحب سے ضرور لیں اور قبلہ جناب ایاز مزمل صاحب اور میرے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔

عبارت عمل

أَجب يا الَسَّيِّدِ يُونَاسَ الحَكِيمَ الجِنّ بحَقِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّد رَّسُولُ اللّٰهِ وَبِحَقِّ سُلَيمَان بِن دَاودَ عَلَيهِمَا السَّلَام۔

اسرار حروف مقطعات

تحریر: علامہ سید رضا حیدر حیدری (کوئٹہ)

قارئین تحفہ روحانیات سے عرض ہے کہ گزشتہ ماہ اسرار حروف مقطعات میں پوشیدہ اسمائے محمدؐ ثابت کر چکا ہوں اور رب کریم کا حکم ہے کہ میں اور میرے فرشتے نبی محمدؐ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے مومنین تم بھی رسول اکرمؐ پر درود وسلام بھیجو اس طرح جیسا کہ بھیجنے کا حق ہے اور درود شریف یہ ہے "

اللھم صل علے محمد وال محمد"

اس لئے ضروری ہے کہ مقطعات والے اسمائے محمدؐ پر بھی درود بھیجا جائے اور اس کی استقامت سے دنیاوی کاروز میں برکت حاصل کی جائے۔ جو درود شریف ترتیب دیا گیا ہے خداوند کریم اس کی برکت سے میری تمام حاجات دنیاوی و دینی پوری کریگا آمین۔

میں نے بلا تکرار مقطعات اختیار کئے ہیں جو 14 ہیں جبکہ اصل تعداد 29 ہے۔

اب درود ملاحظہ ہو۔

الم ۔ المر ۔ المص ۔ الر ۔ حم ۔ حمعسق ۔ طس ۔ طسم ۔ طه ۔ یٰسین ۔ ص ۔ ق ۔ ن کھیعص ۔ (١٤)

اَللھم صل علے الف ل ام میم و آل الف لام میم و بارک وسلم

اَللھم صل علے الف لام میم را و آل الف لام میم را و بارک وسلم

اَللھم صل علے الف لام میم صاد وآل الف لام میم صاد و بارک وسلم

اَللھم صل علے الف لام را وال الف لام را و بارک وسلم

اَللھم صل علے حا میم وآل حامیم و بارک وسلم

اَللھم صل علے حا میم عین سین قاف وآل حا میم عین سین قاف وبارک وسلم

اَللھم صل علے طاسین وآل طاسین وبارک وسلم

اَللھم صل علے طاسین حم وآل طاسین میم وبارک وسلم

اَللھم صل علے طاھا وآل طاھا وبارک وسلم

اَللھم صل علے یاسین وآل یاسین وبارک وسلم

اَللھم صل علے صاد وآل صاد وبارک وسلم

اَللھم صل علے قاف وال قاف و بارک وسلم

اَللھم صل علے نون وآل نونِ وبارک وسلم

اَللھم صل علے کاف ھایا عین صاد وال کاف ھا یا عین صاد وبارک وسلم

یہ ورد 1157 بار پڑھ کر رب العزت سے دعا طلب کریں یا 1 ہفتہ تک روزانہ 251 بار پڑھیں۔

مقطعات کو تکسیر جفر جامع کے ذریعہ استعمال میں لا کر فائدہ اٹھانا

مقطعات قرآنی کے مکررات گرادیں تو یہ حروف رہ جائیں گے۔ صرف 14 ہیں

ا ل م ر ص ح ع س ق ط ہ ی ن ك

جفر جامع کا طریقہ لکھنے کا یہ ہے کہ ایک صفحہ کاغذ کا ہو اس پر طولاً عرضاً 14x14 کے خانے بنائیں۔ ہر خانہ میں چار حرف درج کریں۔ اس طرح تیسرے خانہ میں چوتھا حرف تبدیل کریں اسی طرح پہلی سطر کے چودہ خانے مکمل ہونگے اور حروف ا سے ک تک استعمال ہوجائینگے جبکہ ہر خانہ میں پہلے تین حروف ااا درج ہوتے رہیں گے۔

دوسری سطر کے پہلے خانہ میں تیسرا حرف بدل جائے گا اور ااا (تین الف) کی بجائے اال ا ہوگا اس دوسری سطر میں حسب سابق حرف جو تھا حرف تبدیل ہوتا جائیگا دوسری سطر مکمل ہوگی تیسری سطر میں تیسرا حرف ل کی بجائے م لکھا جائیگا۔ لیکر چوتھا حرف حسب سابقہ ہر خانہ میں تبدیل ہوتا رہے گا اسی طرح 14 خانے لمبائی اور چوڑائی میں مکمل ہوجائینگے اس عمل کو "صحیفۃ النور" کہتے ہیں اس کے 14 اجزاء ہوتے ہیں اور ہر جز کے 14 صفحات ہوتے ہیں جبکہ ہر صفحہ میں 14 سطریں ہوتی ہیں اور ہر سطر میں 14 خانے ہوتے ہیں۔

فائدہ: جب کوئی مشکل درپیش ہو تو ہر ماہ کی یکم تاریخ کو شروع کریں روزانہ ایک صفحہ لکھیں پھر دوسرے روز اس وقت جس وقت پہلے روز لکھا تھا لکھنا شروع کریں۔ چاند کی 14 تاریخ تک عمل کرتے رہیں پھر بند کر دیں پھر اگلے ماہ تاریخ اول سے 14 تک لکھیں۔ دوران کتابت آپ کی

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بس وہی بات ہے (جو اس میں ہے) پھر اس نے عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وضاحت فرمائیے کہ ان اونٹوں میں یہ کالے رنگ کا کیسے پیدا ہو گیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا شاید اس (سیاہ رنگ) کو کسی رگ نے کھینچ لیا ہو (یعنی اس بچہ کی کو اصل میں بھی کوئی شخص کالے رنگ کا رہا ہو گا جس کے یہ مشابہ ہو گیا)۔ اس حدیث کا ذکر شیر کے باب میں گزر گیا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان کہ "شاید اس سیاہ رنگ کو کسی رگ نے کھینچ لیا ہو" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نبیا کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آدمی کو اس سیاہ فام غلام کی کنیت کی نفی کرنے کی اجازت نہیں دی۔

توضیح:-

اس حدیث میں جس آدمی کا واقعہ ذکر کیا گیا ہے اس کا نام مضمم بن قتادۃ العجلی ہے لیکن ابوعمر بن عبدالبر نے اپنی کتاب الاستیعاب میں اس کا ذکر نہیں کیا۔ نیز اس حدیث کے علاوہ اور کوئی دوسری حدیث ان سے مروی نہیں۔ حدیث کے دیگر ذخیرے "مسند" وغیرہ میں بھی اس نام کا ذکر ملتا ہے۔ شیخ عبدالغنی نے اس حدیث کو کچھ اضافہ کے ساتھ نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ بنو عجل کی ایک عورت تھی۔ قبیلہ بنو عجل کی چند بوڑھی عورتیں مدینہ منورہ آئیں اور سب نے اس عورت کے بارے میں سوال کیا کہ اس نے سیاہ فام غلام جنم دیا ہے۔ ان عورتوں نے یہ بھی کہا کہ ان کے آباؤ اجداد میں ایک سیاہ فام آدمی بھی گزرا ہے شیخ عبدالغنی نے اس آدمی کا نام ضمضم بن قتادۃ العجلی نقل کیا ہے۔ خطیب ابوبکر نے کہا ہے کہ ان عورتوں نے یہ بھی کہا تھا کہ ان کے خاندان میں ایک سیاہ رنگ کی دادی بھی گزری ہیں۔

اونٹ کا شرعی حکم:-

نص اور اجماع کے ذریعے سے یہ ثابت ہے کہ اونٹ کا گوشت حلال ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

"اُحِلَّت لَکُم بَھِیمَۃُ الاَنعَام"

تمہارے لئے مویشی کی قسم کے سب جانور حلال کئے گئے۔ (المائدہ) علامہ دمیری لکھتے ہیں کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے لئے اونٹ کا گوشت اور اس کا دودھ حرام کر لیا تھا۔ اونٹ کے گوشت اور دودھ کی حرمت یہ یعقوب علیہ السلام کا اپنا اجتہاد تھا اور اپنے نفس کے لئے ایک کردار تھا۔ اس کا سبب یہ ہے کہ آپ دیہات میں رہتے تھے اس وجہ سے آپ کو عرق النساء کی شکایت پیدا ہو گئی تھی۔ چنانچہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اونٹ کا گوشت اور دودھ اپنے اوپر حرام کر لیا تھا۔ اسرائیل عبرانی زبان کا لفظ ہے یہ حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب ہے۔ اہل علم نے اونٹ کا گوشت کھانے پر وضو کے متعلق اختلاف کیا ہے۔

اونٹ کی زکوۃ:-

پانچ اونٹوں میں (سال گزرنے پر) زکوۃ واجب ہوتی ہے۔ پانچ اونٹوں کی زکواۃ ایک چرنے والی بکری ہے جب دس اونٹ ہو جائیں تو وہ بکریاں، پندرہ اونٹوں میں تین بکریاں، بیس اونٹوں میں چار بکریاں واجب ہوتی ہیں۔ چنانچہ جب پچیس اونٹ ہو جائیں تو ایک بنت مخاض (اونٹ کے ایک سال کا بچہ)، چھیالیس اونٹوں میں ایک حقہ (تین سال کا بچہ)، اکسٹھ اونٹوں میں ایک جذعہ (پانچ سال کا بچہ)، چھہتر اونٹوں میں دو بنت لبون، اکیانوے اونٹوں میں دو حقے، ایک سو اکیس اونٹوں میں تین بنت لبون (تین دو سال کے بچے)۔ پھر اس کے بعد ہر چالیس اونٹوں کے اضافہ پر ایک بنت لبون (دو سال کا بچہ) ہو گا۔ پھر اس کے بعد زکواۃ اس طرح دینی ہوگی کہ ہر چالیس اونٹوں کے اضافہ پر ایک بنت لبون اور پچاس اونٹ ہو جانے پر ایک حقہ واجب ہو گا۔ ایک سال کے اونٹ کو بنت مخاض، دو سال کے اونٹ کو بنت لبون، تین سالہ اونٹ کو حقہ، چار سال کے اونٹ کو جذعہ کہتے ہیں۔ جو بکری اونٹ کی زکواۃ میں دی جائے گی اس کی عمر دو سال ہونی چاہئے۔

اونٹ کے طبی خواص:-

(۱) امام ابن زہیر وغیرہ نے کہا ہے کہ اونٹ کی نگاہ سہیل ستارے پر پڑ جائے تو وہ ختم ہو جاتا ہے۔

(۲) اونٹ، ایک سالہ مینڈھا، یا پہاڑی مینڈھا ہو ان سب کا گوشت خراب اور ردی ہوتا ہے۔

(۳) اونٹ کے بالوں کو جلا کر بہتے ہوئے خون پر چھڑک دیا جائے تو خون بہنا بند ہو جاتا ہے۔

(۴) اونٹ کی چیچڑی کسی عاشق کی آستین میں باندھ دی جائے تو اس کا عشق ختم ہو جاتا ہے۔

(۵) اونٹ کے پیشاب کو نشہ میں مبتلا آدمی پی لے تو اس کا نشہ اسی وقت اتر جاتا ہے۔

(۶) اونٹ کا گوشت قوت باہ (مردانہ طاقت) میں اضافہ کرتا ہے اور اسی طرح جماع کے بعد سستی کو دور کر کے چستی اور تازگی پیدا کرتا ہے، نیز جگر کے ورم میں بھی فائدہ مند ہے۔

(۷) اگر کوئی عورت چاہے بانجھ کیوں نہ ہو، حیض سے پاک ہونے کے بعد تین دن تک اونٹ کی پنڈلی کا مغز نکال کر کسی روئی یا اون کے پھایہ میں رکھ کر اپنی فرج (شرم گاہ) میں باندھے رہے، پھر اس سے جماع کیا جائے تو اس کے حمل ٹھہر جائے گا۔

نوٹ:- طب کے ماہرین نے عورت کا بانجھ پن معلوم کرنے کا طریقہ بتایا ہے جو عنقریب انشاء اللہ "انسان" کے عنوان میں آئے گا۔ جاری ہے

قسمت کا کمال

دارالعملیات سے پرائز بانڈ اور لوح

از تحریر
غلام کبریا
کنڈیاں ضلع میانوالی

قارئین محترم! بہت سے ماہرین علم ہندسہ اور دیگر شائقین حضرات پرائز بانڈز کے فسٹ سیکنڈ نمبرز تلاش کرنے میں لگے ہوئے ہیں اور سائلین کیلئے نت نئے فارمولے اور کلیے متعارف کروا رہے ہیں جن میں سے کئی ایک قابل قدر بھی ہیں اور بھروسہ کے لائق بھی۔ قارئین محترم آج میں آپ کو ایک روحانی فارمولا بتاتا ہوں جس سے قبل ازیں بہت سے لوگ مستفیض ہو چکے ہیں دعا ہے کہ اللہ عزوجل آپ حضرات کو بھی کامیابی سے ہمکنار فرمائے (آمین)۔

سب سے پہلے سبعہ سیارگان میں سے کسی کے سعد اوقات میں لوح قسمت قوائد عملیات اوقات و بخورات کو ملحوظ خاطر لاتے ہوئے دھات کی تختی پر کسی باریک نوک دار لوہے کے قلم سے اتار لیں پھر اس کے بعد شرف قمر میں سفید باریک کاغذ پر صفر سے لیکر نو "0 تا 9" تک اعداد کی نو لائنیں ترتیب سے لکھ لیں کل ہندسے نوے بنیں گے۔ ان تمام ہندسوں کی گولیاں بنا کر چینی کے بالکل سفید اور نئے پیالہ میں رکھ لیں اور علیحدہ ایک پرسکون کمرے میں بیٹھ کر باوضو اگر بتی سلگا کر اپنے سامنے ایک طشت پانی کا بھر کر رکھیں اور لوح قسمت پانی کے بھرے طشت کے درمیان میں رکھیں۔ جب پانی طشت میں ٹھہر جائے تب آہستہ آہستہ سورۃ یٰسین پڑھنا شروع کریں۔ جب پہلی مبین پر پہنچیں تو دو صد چھیاسٹھ بار "یاواسع یالطیف" پڑھ کر تمام گولیوں پر دم کریں اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر ایک گولی اٹھا کر طشت میں رکھی لوح پر پھینکیں۔ دیکھیں کہ گولی ادھر ادھر چلی گئی یا سیدھی لوح کے اوپر بیٹھ گئی اگر ادھر ادھر چلی گئی تو پھر پوری بسم اللہ شریف پڑھ کر پیالہ سے گولی اٹھائیں اور طشت میں رکھی لوح پر پھینکیں آخر کوئی نا کوئی گولی لوح کے اوپر بیٹھ جائے گی اس گولی کو اٹھائیں کھول کر دیکھیں کون سا ہندسہ ہے اسے ایک کاغذ پر لکھ لیں اور کاغذ کو دوسری گولیوں کے ساتھ طشت میں چھوڑ دیں اب پھر ابتداء سے سورۃ یٰسین پڑھنا شروع کریں جب دوسرے مبین پر پہنچیں تو تلاوت موقوف کر کے "یافتاح یارزاق" سات صد ستانوے بار پڑھ کر پیالہ میں رکھی باقی گولیوں پر دم کریں اور مندرجہ بالا طریقہ سے دوسرا نمبر نکالیں تب تیسری بار سورۃ شروع کریں اور تیسرے مبین پر پہنچ کر "یاغنی یاودود" ایک ہزار اسی بار پڑھ کر گولیوں پر دم کر کے تیسرا ہندسہ نکالیں اس کے بعد چوتھے ہندسہ کیلئے مندرجہ بالا طریقہ سے عمل پڑھنا شروع کریں اور ساتویں مبین پر پہنچ کر آٹھ صد چوبیس بار "یانعم المولیٰ ونعم النصیر" کا ورد کر کے حسب سابق چوتھا نمبر نکالیں اس کے بعد آپ نے آخری پانچواں ہندسہ نکالنا ہے۔ سورۃ یٰسین شروع سے لیکر والیہ رجعون پر ختم کر کے ایک صد ستتر بار یا الله یا کافي پڑھ کر آخری ہندسہ نکالیں۔ اب آپ کے پاس کل پانچ نمبر آ گئے ہیں۔ نمبر ترتیب سے لکھیں۔ بعض اوقات نمبر دائیں سے بائیں اور بعض دفعہ بائیں سے دائیں بالکل سیدھا ہوتا ہے اب آپ کی مرضی ہے اسے ٹنڈولہ بنالیں یا فور کاسٹ جیسے مناسب لگے بہرحال اس کے اندر آپ کا انعام پوشیدہ ہے مجھے نہیں معلوم آپ کا کتنا حصہ ہے کتنا انعام ہے لیکن ہوگا ضرور انشاء اللہ۔ لوح کے مکمل ہونے کے بعد بروز جمعرات ساعت مشتری میں پڑھنا افضل ہے دوران عمل خوشبو روشن کریں اور جب تک گولی صحیح لوح کے اوپر نہ بیٹھے تب تک پیالہ سے ہر بار پوری بسم اللہ پڑھ کر گولیاں اٹھاتے رہیں۔ انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔ عزیزان گرامی! یہ ایک روحانی کلیہ ہے۔ چھ سات سال قبل میں نے اسے ایک میگزین میں شائع کروایا تھا جس کی بارہا مرتبہ مجھے تعریفات موصول ہوئی تھیں۔ اس وقت میں نے اس لوح کو شائع نہیں کیا تھا بلکہ لوگوں کو خود تیار کر کے دیتا تھا مگر اب تحفہ روحانیات کی خاطر اس لوح کو بھی آپ لوگوں کیلئے شائع کروا رہا ہوں۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یافتاح یارزاق — یاواسع یالطیف

۷۸۶

یانعم المولیٰ ونعم النصیر

۵۵۹۷۹	۵۶۹۳۶	۵۷۸۹۳	۵۳۷۲۶
۵۷۵۲۷	۵۳۰۶۵	۵۵۶۶۰	۵۷۲۵۵
۵۳۳۸۳	۵۸۵۳۱	۶۵۲۹۸	۵۵۳۲۱
۵۶۶۱۷	۵۵۰۲۲	۵۳۷۰۳	۵۸۲۱۲

فیوض العملیات

از تحریر
محمد قسور حسن
(میلسی)

آج کی محفل میں کتاب جنۃ الجنان فی تسخیر ملوک والجان سے دو اعمال قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں صدیوں پرانی اس کتاب میں مجرب المجرب اعمال ہیں انشاء اللہ تحفہ روحانیات کی توسل سے آپ کو مجرب اعمال ملتے رہیں گے جو بھی ان اعمال سے فائدہ اٹھائے وہ محمد ایاز مزمل صاحب اور میرے حق میں دعائے خیر کرے یہ ہی ہمارا اصلہ ہے۔

عمل حب

اس عمل کو دو عدد سفید کاغذوں پر زہرہ و مشتری کی ساعت میں لکھے لوبان کا بخور جلائے اس کو زعفران + عرق گلاب سے لکھے بعد ازاں 11 بار اس عمل کو پڑھ کر دم کرے ایک تعویز اپنے پاس رکھ اور دوسرا تعویز وزن کے نیچے دبائے انشاء اللہ آپ کا جائز کام ضرور ہوگا۔ عبارت یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم الحمد لله رب العالمين الحي القيوم اجب يا روقيائيل يا حاكم يوم الاحد وامر خادمك المذهب ان يتوكل هو واعوانه وان يلقى محجبة فلان ابن فلانة و فلان بن فلان اسما ابدا بحق هذه الآية عليكم الرحمن الرحيم الرئوف العطوف اجب ا جبرائيل يا حاكم يوم الاثين وامر خادمك مرة ان يتوكل هو واعوانه وان يلقى محبة حامل كتابي هذا فلان ابن فلان فی كذاواكذا بدوام الليل والنهار وبحق هذه الآية عليكم مالك يوم الدين مقلب القلوب والابصار اجب ياسمسمائيل حاكم يوم الثلاث وامر خادمك الاحمر ان يتوكل هو واعوانه وان يلقى محبة كذاوكذا حامل كتابي هذا فی قلب كذاوكذا وان يلقى محبة كذا و كذا بدوام الليل والنهار وبح هذه الآية عليكم اياك نعبد واياك نستعين يامعبود يامستعان اجب يا ميكائيل حاكم يوم الاربع وامر خادمك ان يتوكل هو واعوانه وان يلقى محبة كتابي هذا كذا و كذا فی قلب كذا و كذا بمحبة ومودة رحمة شفقة وحنانة دائمة بحق هذه الآية اهدنا الصراط المستقيم يا قادر يا مقتدر اجب يا مرفيائيل يا حاكم يوم الخمسيس وامر شمهورش ان يلقى محبة حامل كتابي هذا كذا و كذا بمحبة مستقيمة بحق هذه الآية عليكم صراط الذين انعمت عليهم بحق المنعم المتفضل اجب ياعينائيل حاكم يوم الجمعه كذا و كذا پر مطلوب کا نام و مقصد لکھیں۔

(عمل عداوت مجرب)

یہ ایک انتہائی مجرب عمل ہے اس کو ہفتہ کے دن ساعت زحل یا قمر در عقرب میں یا گرہن قطران کی سیاہی سے سرخ رنگ کے کپڑے پر لکھ اور کالی مرچ + ہینگ کا بخور جلاؤ کوئی ترش چیز منہ میں رکھ۔ یہ دو عدد تعویز لکھیں عبارت کے اندر بھی دونوں کا نام لکھنا ہے اور عبارت کے اوپر ایک شخص کا نام اور نیچے دوسرے شخص کا نام لکھیں۔

(۱) ایک قبر میں دفن کر دیں۔

(۲) وزن کے نیچے رکھیں۔

عبارت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اذا زلزلت الارض زلزالها سے آخر تک قرآن سے دیکھ کر لکھیں اللهم بحق هذه السورة الشريفة وبحق هذه الاسماء لياخيم ليالغو ليافور۔ لياروث۔ لياروغ۔ لياروش۔ لياشلش۔ اجيو يا خدام هذه الاسماء والبخورات الشريفة وفرقوا الوا البغضاء والعداوة بين فلان بن فلان و فلان بن فلان بها عليكم و حرمتها لديكم العجل العجل العجل الساعة الساعة الساعة۔

یہ عمل صرف جائز جگہ کرنے کی اجازت ہے۔ جہاں شریعت اجازت دیتی ہے۔ اگر کوئی اس سے ناجائز کام لے گا تو اس کے گناہ سے میں اور چیف ایڈیٹر صاحب بری الذمہ ہے۔

اعمال لاثانی

تحریر
حکیم سید زاہد حسین زیدی
میانوالی

محترم قارئین!

''اعمال لاثانی'' کی پچھلی قسط میں آپ کے لیے دو انتہائی حیرت انگیز طلسمی طریقے تحریر کئے تھے اگر آپ نے ان کو تجربہ کیا ہے تو آپ ان کے رزلٹ سے ضرور مسرور ہوئے ہونگے یہ سب اللہ تعالیٰ کو خاص مہربانی اور تحفہ روحانیات کے بانی جناب محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی آپ سے پرخلوص محبت کا نتیجہ ہے کہ انتہائی پراثر اور پوشیدہ صدری اعمال اور طلسمات آپکی نظر ہورہے ہیں میں نے جب لکھنے کا سوچا تو یہ بات خیال میں رکھی تھی کہ تحفہ روحانیات میں وہ اعمال پیش کئے جائیں جو ایک تو نایاب ہوں اور دوسرا تجربہ خود سے گزرے ہوئے ہوں یا ان کی تصدیق معتبر ذرائع سے ہوئی ہو۔

انشاء اللہ العزیز آپ دیکھیں گے کہ اس کوشش میں کہاں تک عمل پیرا ہوں اعمال حاصل کرنا اور پھر ان پر تجربہ کرکے آپ کی خدمت میں پیش کرنا اس تیز رفتار دور میں خاصا مشکل ہے لیکن اگر آپ لوگوں کی محبت اور پرخلوص دعائیں ساتھ رہیں تو مجھے اللہ علیم کریم کی عطاء سے بحر عملیات وخفیات میں اپنے لیے غوطہ زن پائیں گے یہ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی پرخلوص روحانی خدمت ہے جس نے ہزاروں دلوں پر پڑے ہوئے زنگ آلود قفل کھول ڈالے ہیں اور تحفہ روحانیات میں روحانی عاملین بلا بخل اپنے صدری اعمال آپ کو استعمال کرنے کے لیے پیش کر رہے ہیں۔

تحفہ روحانیات کے ہر قاری کو ماہر روحانیات صاحب کا شکرگزار اور دعا گو ہونا چاہئے۔اس بار بھی آپ لوگوں کی خدمت میں تین (3) عدد تجربہ شدہ ''اعمال لاثانی'' پیش کررہا ہوں۔امید واثق ہے آپکا روحانی بستہ ان کا متلاشی ہوگا۔ایک وقت ایسا ہوتا ہے آدمی کسی معاملہ میں دوراہے پر کھڑا ہوتا ہے اور کوئی فیصلہ نہیں کرپارہا ہوتا ہے کہ کیا کیا جائے تو ایسے میں ذیل کا روحانی عمل آپ کی روحانی اور یقینی مدد کرے گا اور آپ کو اللہ رحیم وعلیم راہ مستقیم سجھادیں گے۔

طریقہ عمل:۔

نیلے رنگ کے سات عدد موٹے دھاگے حاصل کریں اور پھر ان کو اپنے سر سے لیکر پاؤں کے انگوٹھوں تک ناپ کرلیں اتنی احتیاط رکھیں کہ ناپ بالکل درست ہو ورنہ کامیابی نہ ہوگی۔اب دھاگوں کو دائیں ہاتھ کی مٹھی میں بند کرلیں اور اول آخر تین تین بار درود شریف ورد کریں اور درمیان میں مندرجہ ذیل عزیمت پڑھیں۔اور دھاگوں پر دم کردیں۔

عزیمت یہ ہے۔بسم اللہ الرحمن الرحیم اَقسَمتُ عَلَیکُم یَاتَنشَارُتِی اَخبِرنِی بِاَسرَارِ الجَلِیِّ وَالخَفِیِّ بِحَقِ رُوِیَاءِ یُوسُفَ عَلَیہِ السَّلَام وَبِحُرمَةِ لَایَعلَمُ الغَیبَ اِلَّاھُوَ۔

اب ان دھاگوں کو پھر سر کے بالوں سے لیکر انگوٹھوں تک ناپ کریں اگر دھاگے سوا انچ تک بڑھ جائیں تو جواب آپ کے حق میں درست کا ہے اگر سوا انچ سے زیادہ بڑھ جائیں تو پھر اس کام یا ارادہ سے باز آجائیں فیصلہ آپ کے خلاف ہوگا۔

(ایک بات دھیان میں رکھیں دھاگے کم یا برابر نہیں ہونگے)

جواب مثبت ہو یا منفی آپ حسب توفیق خیرات ضرور کریں۔

دفیعہ جادو سحر

یہ طریقہ امام سیوطی کا ہے۔اس کی آزمائش کی گئی تو بالکل درست تاثیر حاصل ہوئی ہے آپ بھی تجربہ کریں اور مخلوق کی آسان اور کم خرچ عمل سے خدمت کریں۔

طلسمی طریقہ دافع سحر

ایک عدد بالکل کالا مرغ لیں۔جو کہیں سے بھی دوسرے رنگ کا نہ ہو اس کو ذبحہ کرکے اس کا گوشت صرف کالے نمک سے استعمال کریں یہ گوشت سحر زدہ صرف تین (3) یوم استعمال کرے انشاء اللہ جادو سحر کتنا ہی سخت کیوں نہ ہو تین یوم میں ختم ہوجائے گا اگر کچھ کمی بیشی معلوم ہو تو ایک بار پھر تین یوم کے لیے استعمال کرائیں انشاء اللہ مکمل صحت ہوگی۔

نوٹ (دوسری بار اگر استعمال کرنا ہے تو نیا مرغ ہوگا۔پہلا سارا گوشت تین یوم میں ختم کرنا ہے)۔

خنازیر کا خاتمہ

خنازیر کے خاتمہ کے لیے اس طلسمی طریقہ کو آزمائیں انشاء اللہ چند مرتبہ

کے استعمال سے خنازیر کا شرطیہ خاتمہ ہو جائے گا۔ آزمائش شرط ہے۔

طلسمی طریقہ

پھکنڈھ کی موٹی موٹی تازہ جڑیں حاصل کریں اور ان سے ایک عدد گلے میں ڈالنے کے لیے مالا تیار کریں اب یہ مالا خنازیر والے کے گلے میں ڈال دیں خشک ہونے پر نئی مالا استعمال کرائیں پانچ سے سات مرتبہ کے استعمال سے مکمل آرام آجاتا ہے۔ اگر کچھ کمی رہ جائے تو زیادہ مرتبہ استعمال کرائیں۔

اللہ رحمٰن رحیم اس طریقہ سے مکمل صحت وآرام عطاء فرمادیتے ہیں امید ہے یہ اعمال لاثانی آپ کو پسند آئیں گے اگر ان سے فائدہ اٹھائیں تو مجھ گنہگار سید زاہد حسین زیدی اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں اور ہمارے بزرگوں کو دعائے خیر میں ضرور یاد رکھیں۔

آخر میں وہ ہی پرانی بات اللہ آپ کو کامیابی عطاء فرمائے اور ایک بات دھیان میں رہے صدقہ رد بلا ہے۔

نوٹ (اگلی بار انشاء اللہ حب کے طلسمی اور پر اثر اعمال پیش کرونگا جو کہ شرطیہ اور آسان ہونگے۔ باقی کسی کو کیا ملے یہ نصیب کی بات ہے)۔

جانے والے یا مفرور کی سمت معلوم کرنے کا چارٹ

دن	سمت
سوموار	شمال
منگل	مشرق
بدھ	مغرب
جمعرات	مغرب
جمعہ	جنوب
ہفتہ	جنوب
اتوار	مشرق

تاثیر الٓمٓ

تحریر: سید شبیہ الحسن رضوی کاشانہ امینی (کراچی)

حروف مقطعات میں جو تاثیر وقوت ظاہر ہوئی ہے وہ بیان سے باہر ہے بہت سے معاملات میں حروف مقطعات استعمال کیے بلا زکات ادا کیے۔ ان کی تاثیر فوری ظاہر ہوئی زیادہ تر میں مسائل کے حل کے بارے میں حرف ا ل م سے مدد لیتا ہوں گزشتہ شمارہ میں اکتوبر میں محترم ومعظم علامہ سید رضا حیدر حیدری نے جس تفصیل سے حروف مقطعات کے اسرار بیان فرمائے میری نظر سے یہ اثرات پہلے نہ گزرے۔ میں اپنے محترم سے گزارش کرونگا کہ اس مضمون کو مزید بڑھائیں۔ گزشتہ شمارہ میں مضمون کے مطالعہ کے بعد میں نے فوراً علامہ صاحب کو خط بھی ارسال فرمادیا تھا کہ میری گزارش پر غور کیا جائے۔ میرا مضمون شمارہ اکتوبر صفحہ نمبر 18 پر اسرار حروف صوامت کے سامنے گویا سورج کو چراغ دکھانے کے متماثل ہے لیکن پھر بھی کوشش کرونگا کہ قارئین کو اپنے مجربات پیش کرسکوں کہ کماحقہ فائدہ اُٹھاسکیں۔

گزشتہ برس ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے تفصیلی ملاقات میں حروف مقطعات پر ذکر چھیڑا۔ تو حرف ا ل م پر اس طرح مفصل طریقہ سے بیان فرمایا! کہ میں نے تہیہ کر لیا کہ آئندہ اعمال میں حرف ا ل م کی ہی قوت سے کام لونگا۔

دفع امراض

حرف ا ل م کو بعض از نماز فجر 71 بار الحمد شریف کے ساتھ اول آخر درود کے پڑھا جائے۔ دودھ یا پانی پر دم کر کے 14 تا 19 روز جس مریض کو پلایا جائے بحکم خدا صدقہ محمدؐ وآل محمدؐ وامام زمانہ یقیناً مریض کو شفاء ہوگی۔

حاضری مطلوب

مذکورہ بالا اسمائے الٰہیہ کو اس طرح ورد کیا جائے کہ **الف اللہ لام لطیف میم مغنی** بحق **الودود الکریم الرحمن الرحیم** یا فلاں بن فلاں فوری حاضر ہو بجسم وروح۔

تعداد وظیفہ:۔ 600 بار روزانہ بعد نماز عشاء مکمل یکسوئی کے ساتھ میٹھے تیل کا چراغ رُخ بجانب خانہ مطلوب کے ہو۔ مدت عمل 7 یوم ہے۔ جب تک مطلوب طالب سے نہ ملے گا کسی بھی طرح چین نہ پائیگا۔ یہ عمل کئی بار مجرب ہے خصوصاً وہ خواتین جن کے شوہر یا وہ مرد جن کی بیویاں ناراض ہو کر اُن سے الگ ہو چکی ہوں عمل کی قوت وتاثیر سے مذکورہ بالا دنوں میں ہی واپس آجاتے ہیں۔

اعمال گوہر نایاب

ازتحریر
محمد سعید قادری
کراچی

محترم المقام جناب محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب چند ماہ غیر حاضری کی معذرت کیساتھ حاضر خدمت ہوں اسلام علیکم رحمتہ اللہ و برکاۃ!


بعد سلام تحفہ روحانیات اور اسی ادارے سے منسلک تمام ٹیم خصوصاً آپ کی شفقت کا ہمیشہ ممنون اور مشکور ہونگا کیونکہ ہم ایسے لوگوں کو پورے پاکستان میں تحفہ روحانیات سے منسلک ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ پیار، محبت، عزت، شہرت ملی دن میں کئی کئی بار موبائل فون کی گھنٹی کی معرفت یہ اطلاع ملتی ہے کہ تحفہ روحانیات کی معرفت فلاں شہر سے فلاں صاحب بات کر رہا ہوں۔

محترم! کہاں گم نامی کی زندگی، کہاں شہرت کا نشہ! یہ سب کچھ آپ کے اور تحفہ روحانیات کی معرفت ممکن ہوا۔ ایک بار پھر آپ کا تحفہ روحانیات کی ٹیم کا شکریہ بے حد شکریہ حسب سابق عملیات سفلی اور آسیب جناب وغیرہ کے توڑ بابت کیلئے چند مستفید اعمال حاضر خدمت ہے آزمودہ ہیں جو بہن بھائی عمل کرے فائدہ اٹھائے تو ادارے اور فقیر کے حق میں ضرور دعائے خیر کرے۔

(برائے شناخت آسیب)

درج ذیل نقش کالی سیاہی سے باوضو لکھیں اور مریض کو کہیں کہ وہ اس نقش کو غور سے دیکھتا رہے۔ چند لمحوں کے بعد مریض پر درج ذیل کیفیات ظاہر ہونگی۔

(1) اگر مریض رونے لگے تو شیطان دیو جنات کا اثر ہے۔
(2) اگر مریض ہنسنے لگے تو ارواح خبیث کا اثر ہے۔
(3) اگر مریض خاموش رہے تو مرض دماغی خلل ہے۔
(4) اگر مریض اپنے آپ میں بے چینی محسوس کرے تو امراض جسمانی ہے۔ بعد میں کیفیت مطابق علاج کی جانب متوجہ ہوں۔



سب سے پہلے 7 مسجدوں کا پانی لائیں اس میں تھوڑا نمک ملائیں اور 313 مرتبہ علیٌ حَفیظٌ عَلیٌ پڑھیں! 111 مرتبہ وَلَا یَؤدُہ حِفظُھمَا وَھُوَ العَلِیّ العَظِیم پڑھ کر دم کریں بعد میں سورۃ کافرون 3 بار پڑھیں اور سورۃ الناس 7 بار اس ترتیب سے پڑھیں۔ قُل اَعُوذُ بِرَبّ النّاسِ دَافِعُ النّاسِ مَلِکِ النّاسِ خَاتِمِ النّاسِ اِلٰہِ النّاسِ دَافِعُ الخَنّاسُ خَنّاسُ اَلھَوَاءِ وَالجِنِ وَالانسِ وَالَاب وَلتَاب دَافِعُ دافِعُ دَافِعُ خَنّاسِ الّذِی یوَسوِسُ فِی صُدُورِ النّاسِ النّاسِ اَلنّاسِ مِن الجِنۃِ وَالنّاس نَاسِ بِحَقِ عَلِیُ عَلِیُ عَلِیُ نَاس نَاس نَاس۔ پھر پانی پر دم کریں بعد میں اس پانی اور سادہ پانی ملا کر مریض کو غسل کرائیں 21 ایام تک یہ عمل لازمی کریں اور چھوٹی مکھی کا خالص شہد لے کر ایک تسبیح مندجہ ذیل عمل پڑھ کر دم کریں۔

بِسمِ اللّٰہِ تَوَکلتُ عَلَی اللّٰہِ بِسمِ اللّٰہ شَافِی بِسمِ اللّٰہ کَافِیُ بِسمِ اللّٰہ بَاقِی شَفَاءُ لَکَ کَفائکَ بَحقِ لَا الٰہ ابَد اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ۔ اور صبح نہار منہ 1 چھوٹی چمچ شہد چاٹ لیں اگر یہی عمل چینی کی پلیٹ پر زعفران ملی سیاہی سے لکھ کر اور یہی شہد ملا کر چاٹ لیں تو مزید بہتر رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکیس ایام کے اندر جادو، سفلی، وغیرہ کا نام ونشان نہ رہیگا۔ انشاء اللہ چلتے پھرتے مریض ہر وقت درود شفاء کا ورد رکھے درود شفاء یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلّی عَلَی سَیدنَا مُحَمدِ طَبّ القُلُوب وَدَوَائِھَا وعَافیۃ اَلابدَان وَشِفَائِھَا وَنُورُ الابصَار وَضِیَائِھَا وَالِدِالٰہِ وَصَحبۃ وبارک وسلم۔ یہ نقش کسی پرہیز گار شخص یا پھر تحفہ روحانیات سے منگوالیں۔



اگر یہی نقش مریض کے کمرے میں فریم کروا کر لگادیں اور زیادہ فائدہ ملے گا۔
نقش ھذا مریض کے گلے میں ہر وقت رہے ۲۱ ایام تک بڑا گوشت، جلے والی سوت اور بیت کو کانہ جانے دے۔
۲۱ ایام کے بعد پابندی یکسر نہ کریں۔

اگر یہی نقش مریض کے کمرے میں فریمکروا کر لگا دیں اور زیادہ فائدہ ملے گا۔ نقش ھذا مریض کے گلے میں ہر وقت رہے ۴۱ ایام تک بڑا گوشت' چلے والی عورت اور میت کو کاندھا نہ دے۔ ۴۱ ایام کے بعد پابندی بیشک نہ کریں۔

جو بھی اس عمل مبارک سے فائدہ اٹھائے تو خصوصی طور پر 2 رکعت نفل پڑھ کر اس کا ثواب تحفہ روحانیات سے منسلک ان احباب کو بخشے جو کسی نہ کسی ذریعے سے ارادے یا لکھاری یا پھر قارئین سے جڑے تھے اور آپ ہم میں نہیں ہیں اور یہی اس کا ہدیہ ہے۔

محبت کیلئے

(1) اگر گھر میں والدین' اولاد' بہن بھائیوں' شوہر بیوی میں ناچاقی رہتی ہو تو اس کیلئے ہم آپ کی رہنمائی کیلئے ایک زوداثر عمل تحریر کرتے ہیں عمل کریں اپنا گھر بچائیں اور دوسروں کو بتلا کرنیکی کمائیں شکریہ!

آیت الکرسی کو لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب یَشْفَعُ عِنْدَهٗ پر پہنچیں تو یشفع کے بعد شوہر اور اس کی والدہ کا نام اعلی حب لکھ کر بیوی اور اس کی والدہ کا نام لکھیں! جب آپ یہ نام لکھ رہے ہوں تو دونوں میاں بیوی کے دلوں کا تصور کر کے یہ الفاظ پڑھیں۔ حب یاحی یاقیوم۔ حب یارب الرحیم۔ حب العلی العظیم بحق حب محمد و خدیجہ۔ حب علی و فاطمہ۔ یااللہ یااللہ یہ پڑھ کر بقیہ آیت الکرسی مکمل کریں! یہی عمل پانی' دودھ' شربت پر دم کر کے دونوں کو پلائیں یہ عمل ۷ بار کریں انشاء اللہ ایسی محبت ہو کہ لوگ مثالیں دیں! محبت الفت کا دور دورا ہو گا نااتفاقی' ناچاقی سب غائب۔

شادی جلدی ہو

(2) کوئی بہن بھائی جو شادی نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہوں تو یہ عمل کریں۔ بندہ ناچیز اور ادارہ کو دعاؤں میں یاد رکھے! شادی نہ ہونے کی وجہ کوئی بھی ہو۔ مثلاً جادو' بندش' اثرات' غربت' شکل و صورت بس عقیدے اور دل جمعی کے ساتھ عمل کریں اور رزلٹ سے ہمیں آگاہی دیں۔

ہر نماز میں فرائض کی ادائیگی کے بعد 3,3 بار درود تنجینا اور 100 بار اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔ 3 بار آیت الکرسی پڑھ کر اللہ پاک کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگیں! بہت جلد اللہ پاک آپ کی اس گریہ کو شرف قبولیت عطاء فرمائیں گے۔ اور ہاں دعاؤں میں ہمیں یاد رکھیے گا۔ شکریہ!

عشق محو

(3) اگر کوئی شخص یا عورت کا دل عشق محبت (ناجائز) سے تنگ ہو تو ہم آپ کی رہنمائی کیلئے کمر بستہ ہیں جس جگہ پر خچر یا خچری لوٹتے ہوں مرد' عورت بھی اسی جگہ پر لوٹ جائے۔ دن رات کی کوئی قید نہیں ہے۔ اگر مرد یا لڑکے پر عاشق ہے تو خچر کے لوٹنے کی جگہ پر لوٹیں اور اگر عورت یا مخنث پر عاشق ہے تو پھر مادہ خچر کی جگہ لوٹیں۔ 3 مرتبہ کا کیا ہوا عمل ہر قسم کے ذوق شوق کو روند ڈالے گا۔

دفع عشق ناجائز

میت کی قبر کے سرہانے تاریخ وفات نام کی تختی کتبہ جو سنگ مرمر لگایا جاتا ہے اگر اس تختی کے ایک ٹکڑے کو پانی میں رکھ کر دوسرے پتھر سے رگڑیں اور پتھر رگڑتے ہوئے جدائی' نفرت فلاں بن فلاں کا تصور رکھیں تو وہ رگڑ والا پانی بے خبری میں دونوں یا کسی ایک کو پلا دیں (کسی بھی صورت) تو عشق محبت سب کافور ہو جائیگا۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔ بصورت دیگر اللہ کی پکڑ زبردست ہے! کوئی چیز سمجھ نہ آئے تو ادارہ یا پھر فقیر در اہلبیت حاضر ہے۔ بالمشافہ ملاقات سے معذرت فون پر ہر چیز کی وضاحت کر دی جائیگی۔ انشاء اللہ

ٹیلی فون سے پریشانی

قارئین کرام! ٹیلی فون کی سہولت سے ناجائز فائدہ نہ اُٹھائیں۔ کیونکہ علی الصبح ہو یا آدھی رات کا وقت' ہر لمحہ فون کی بیل ہوتی رہتی ہے۔ پریشان حال لوگوں کے فون کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ دن ہو یا رات یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے۔ اس دوران میں اپنے ورد اذکار اور آپ ہی جیسے پریشان حال دیگر لوگوں کے مسائل کے حل کے لئے وظائف یا عمل کر رہا ہوتا ہوں تو اس پڑھائی میں شدید خلل پیدا ہوتا ہے۔ میری سب سے بڑی مجبوری یہ ہے کہ میں فون کسی دوسرے شخص کو سننے کے لئے بھی نہیں دے سکتا۔ کیونکہ ہر شخص کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ میں فون پر خود بات کروں۔

میری تمام قارئین کرام سے گزارش ہے کہ وہ صرف مقررہ اوقات میں ہی فون کریں۔ تاکہ آپ ہی لوگوں کے مسائل کے حل کے لیے جو اعمال یا ورد' وظائف کر رہا ہوتا ہوں۔ اس میں میری یکسوئی مکمل طور پر رہے۔ اُمید کرتا ہوں کہ قارئین کرام بھرپور تعاون فرمائیں گے۔

0300-6351192

سلسلہ وار تحقیق وجود جنات

تحریر
علامہ قاری میاں عبدالرئوف قریشی (کراچی)

وجودِ جنات اور فلاسفہ و اطباء کا خیال

فلاسفہ واطباء بھی تقریباً سبھی وجود جنات کے قائل ہیں مگر کچھ جاہل و بے دین فلاسفہ واطبا وجود جنات کے منکر ہیں اور فلاسفہ میں جو اونچے درجہ کے لوگ ہیں ان میں سے بعض تو وجودِ جنات کے مذہبی اور بعض سے دیگر قسم کے اقوال منقول ہیں حکیم بقراط کے بارے میں مشہور ہے کہ انہوں نے کسی خاص قسم کے پانی کے بارے میں کہا تھا کہ یہ جنون کے لئے مفید ہے اور مرگی کے لئے بھی مفید ہے پھر کہا کہ وہ جنون مراد نہیں ہے جو جنات کے اثر سے ہوتا ہے اور جس کا علاج منتر ہے بلکہ وہ جنون مراد ہے کہ جس کا علاج اطباء کرتے ہیں۔ اور بقراط نے یہ بھی کہا ہے کہ منتر کو اطباء کے علاج سے کوئی مناسبت نہیں ہے یعنی منتر طبی علاج کے مقابلہ میں بے حیثیت ہے۔ بقراط کے اس مقولہ سے منتر کی عدم تاثیر پر استدلال کرنا اور وجود جنات کا انکار کرنا اس کی روشنی میں کوئی معنی نہیں رکھتا۔ کیونکہ بقراط اس فن کا اہل نہیں تھا۔ البتہ وہ فن طبابت کا اہل تھا اس میں اس کی رائے معتبر ہوگی جیسا کہ معالج جب انسانی بدن کو دیکھتا ہے تو وہ صرف اس کی صحت و علالت میں غور کرتا ہے اور اس کے مزاجی تغیر کو دیکھ کر علاج کرتا ہے البتہ جس مرض کا منشا اثر جن ہو یا کوئی نفسیاتی مرض ہو وہ اس کی قدرت سے باہر ہے۔ اگرچہ وہ جانتا ہو کہ نفس انسانی کا اثر اسباب طبیہ سے کہیں زیادہ موثر ہے پس اسی طرح جنات کا بھی اثر کرنا اور بدنِ انسانی میں تغیر پیدا کر دینا ثابت ہے اس کو اس کے اہل ہی جان سکتے ہیں۔ لہذا بقراط کی رائے اس بارے میں معتبر نہ ہوگی اور جنات کا بدن انسانی میں موثر ہونا حدیث شریف سے بھی ثابت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ شیطان انسان کے بدن میں خون کی طرح سرایت کرتا ہے دم سے مراد وہ بخار ہے کہ جس کو اطبا روح حیوان کہتے ہیں جو قلب سے پیدا ہو کر تمام بدن میں پہنچتی ہے اور جس کے باعث بدن زندہ رہتا ہے۔

لفظ جن کی لغوی تحقیق وتشریح

جن کا مفہوم انس کے مفہوم کے متضاد ہے کہا جاتا ہے جنہ الیل (ثلاثی مجرد سے) اجنہ ثلاثی مزید فیہ باب افعال سے جن علیہ یہ سب کلمات غطاہ یعنی چھپانے کے معنی میں مستعمل ہوتے ہیں اور ہر وہ شئی جو نظر نہ آئے اس کو جن کہا جا سکتا ہے اور جن کو جن اسی لئے کہا جاتا ہے کہ وہ نظروں سے غائب رہتے ہیں نظر نہیں آتے اور زمانہ جاہلیت میں ملائکہ کو بھی جن کہا کرتے تھے کیونکہ وہ بھی نظروں سے غائب رہتے ہیں جن اور جنۃ ایک ہی ہیں جنۃ بالضم ڈھال اور زرہ کو کہتے ہیں کیونکہ اس سے انسان اپنی حفاظت کرتا ہے حن بالحاء جنات کی ایک قسم ہے۔

ابو عمر زاہد فرماتے ہیں کہ حن بالحآء وہ جنات کہلاتے ہیں جو کتوں کی شکل میں ہوتے ہیں اور ذلیل ہوتے ہیں۔

جوہری فرماتے ہیں کہ جان ابوالجن ہے یعنی جنات کا جد اعلیف اس کی جمع جینان ہے جیسا کہ حائط کی جمع حیطان اور جان سفید سانپ کو بھی کہتے ہیں علامہ سہیلی نے نتائج میں فرمایا ہے کہ لفظ جن ملائیکہ کو بھی شامل ہے اور ہر وہ چیز جو نظر نہ آئے اس کو جن کہہ سکتے ہیں چونکہ لفظ جن ملائکہ کو شامل ہونے کی وجہ سے اشرف و افضل ہے یہی وجہ ہے کہ اکثر مواقع میں لفظ جن کو ذکر کیا گیا ہے کیونکہ اس کے مفہوم میں ہر وہ چیز داخل ہے جو نظروں سے غائب ہے قرآن کریم میں خدا تعالیٰ کا فرمان ہے وجعلوا بینہ و بین الجنۃ نسباً اس آیت میں حرف جن کا ذکر ہے جس سے مراد فرشتے ہیں۔

قرآن کریم میں کئی جگہ انس کو جن پر مقدم کیا گیا ہے جیسا کہ لم یطمثھن انس تبلھم وّلا جان اور لایسال عن ذنبہ انس ولا جان اور وانا ظننا الن تقول الانس والجن علی اللہ کذباً اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں پر لفظ جن ملائکہ علیہم السلام کو شامل نہیں ہے کیونکہ وہ عیوب ونقائص سے مبرہ ہیں اور ان کے بارے میں کسی گناہ کا شبہ بھی نہیں کیا جا سکتا یہاں پر لفظ جن سے جنات مراد ہیں اور ظاہر ہے کہ انسان جنات سے افضل ہے اس وجہ سے لفظ انس کو لفظ جن پر مقدم کیا گیا۔

جن کو جن اس لئے کہتے ہیں کہ وہ نظروں سے غائب رہتے ہیں اور اسی لئے بچہ کو جب وہ ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے جنین کہتے ہیں کیونکہ وہ بھی نظروں سے اوجھل ہوتا ہے اور جنۃ (ڈھال) اس کو بھی اس لئے کہتے ہیں کہ یہ مجاہد کی حفاظت کرتی ہے اور مجن (خود) لوہے کی ٹوپی جس کو لڑائی

کے وقت استعمال کرتے ہیں یہ بھی جن ہی سے مشتق ہے اگر کوئی یوں کہے کہ ملائکہ بھی نظروں سے غائب رہتے ہیں ان کو بھی جن ہی کہنا چاہیے ان کو ملائکہ کیوں کہتے ہیں اس کا جواب یہ ہے کہ اسماء مشتقہ میں تناقض نہیں ہوتا۔ جیسا کہ خابیہ "مشکیزہ" کو کہتے ہیں (مٹکا) کیونکہ یہ خبی سے مشتق ہے اور خبی کے معنی چھپانے کے آتے ہیں اور اس کے اندر بھی چیز چھپ جاتی ہے لہذا اس کی تعریف لفظ صندوق سے نہیں لوٹ سکتی۔ کیونکہ صندوق کے اندر بھی چھپاتے ہیں اور نہ ہی صندوق کو خابیہ کہہ سکتے اگرچہ مفہوم حقیقی دونوں کا ایک ہے۔ یہی حال لفظ جن وملائکہ کا ہے اگرچہ مفہوم حقیقی ایک ہے مگر ایک کی تعریف کو دوسرے کی تعریف سے توڑ نہیں سکتے۔

لفظِ شیطن کی لغوی تحقیق و تشریح

شیاطین نافرمان جنات کو کہتے ہیں اور یہ ابلیس کی اولاد میں سے ہیں (مردہ) وہ جنات کہلاتے ہیں جو زیادہ سرکش ہیں اور زیادہ گمراہ ہیں اور یہ جنات ابلیس کے معاون ہیں جو اس کی نگرانی میں گمراہی کا کام انجام دیتے ہیں اور انہیں کو شیاطین کے اعوان بھی کہتے ہیں۔

ہر سرکش نافرمان چاہے انسان ہو یا جن ہو یا چوپایہ ہو اس کو شیطن کہتے ہیں طلعھا کانہ روس الشیاطین قرآن کریم کی آیت کے بارے میں قراء کے تین اقوال کا تذکرہ ہے۔ مگر بندہ کے پاس جو معلومات ہے اس میں وہ تین اقوال نہیں ہیں اس لئے اگر کوئی صاحب علم کہ جس کے پاس کوئی اور معلومات اس بارے میں ہو وہ عبارت لکھ کر بھیج دیں کرم فرمائی ہوگی۔ عبارت کے چند لفظ مخدوش ہے۔ اس لئے اس کو ترک کر دیا گیا=لفظِ شیطان کا نون اصلی ہے۔

شیطن فیعال کے وزن پر ہے مشتق ہے شطن یشطن سے بمعنی دور ہونا اور اس میں ایک لغت شاطن۔ شیطن ہر سرکش نافرمان کو کہتے ہیں چونکہ اس کا شر بڑھا ہوا ہوتا ہے اور وہ خیر سے دور ہو جاتا ہے اور ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ فعلان کے وزن پر ہے شاط یشیط سے مشتق ہے۔ جس کے معنی ہلاک ہونے کے آتے ہیں۔ پس شیطن کے معنی ہلاک ہونیوالا سرکش' یہ معنی اس وقت ہوں گے۔ جبکہ اس کو صیغہ صفت کہیں اور اگر اس کو مبالغہ کا صیغہ مان لیا جائے اس وقت معنی یہ ہوں گے دوسروں کو ہلاک کرنے والا۔

شیاطین خبیث اور راندہ درگاہ جنات کا نام ہے اور برے آدمی کو مارو بھی کہتے ہیں اور کبھی برے آدمی کو شیطن بھی کہہ دیتے ہیں۔ قرآنِ کریم میں ہے کہ شیطن مارد (یعنی دھتکارا ہوا شیطان)

عربی میں شطن عنہ یعنی دور ہو گیا۔ اشطنہ یعنی دور کر دیا۔

شطنہ یشطنہ شطناً جب کوئی شخص اپنی نیت بدل دے' بیر شطون وہ کنواں جو بہت گہرا ہو۔ نوی شطون یعنی دور کی نیت کرنے والا۔

لفظ ابلیس کی لغوی تحقیق و تشریح

کچھ اہل لغت کی رائے یہ ہے کہ ابلیس مشتق ہے ابلاس سے ابلاس کے معنی مایوس ہونے کے آتے ہیں کیونکہ شیطن بھی خدا کی رحمت سے مایوس ہے عرب والے کہتے ہیں ابلس الوجل ابلاساً فھو مبلس جب کوئی مایوس ہو جائے۔

ابلیس کا یہ نام اس وقت رکھا گیا تھا جب وہ خدا تعالیٰ کے دربار سے مردود ہو چکا تھا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تک ابلیس ملائکہ کے ساتھ رہا اس وقت تک اس کا نام عزازیل رہا پھر جب وہ ملعون ہو گیا تو ابلیس کہا جانے لگا اور یہ چار پروں والے فرشتوں میں سے تھا۔

اور ابوالمثنی سے مروی ہے کہ ابلیس کا نام نائل تھا پس جب وہ مغضوب ہوا تو شیطان کہا جانے لگا۔

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ جب ابلیس نے نافرمانی کی تو ملعون ہوا اور شیطان بن گیا۔

حضرت سفیان ثوری سے مروی ہے کہ ابلیس کی کنیت ابو کردوس ہے۔

ابوالبقاء فرماتے ہیں کہ ابلیس عجمی لفظ ہے عجمہ اور معرفہ ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

اور ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ عربی لفظ سے مشتق ہے ابلاس سے معرفہ ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور اس جیسا اور کوئی اسم نہیں ہے مگر یہ بات مسلم نہیں ہے کیونکہ اس جیسے اور اسماء بھی ہیں جیسا کہ اخریط اطفیل اصلیت وغیرہ ابن عبدالبر رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اہل علم کے نزدیک جنات کے چند درجے ہیں جب خالص جن بولنا مقصود ہوتا ہے تو جن کہتے ہیں اور جب آبادی میں رہنے والے جنات مراد ہوتے ہیں تو عامر کہتے ہیں اس کی جمع عمار ہے اور جب بچوں کو ستانے والے مراد ہوتے ہیں تو ارواح کہتے ہیں اور نہایت گندے خبیث جنات کو شیطان کہتے ہیں اور جو بہت ہی شریر ہو اس کو مارد کہتے ہیں اور جو سب سے زیادہ مکار ہو اس کو عفریت کہتے ہیں اس کی جمع عفاریت ہے۔

سلسلہ وار

طلسمات الابل

از تحریر
گل محمد خان
ککے زئی
پشاور

ابن سیدہ نے کہا ہے کہ لفظ جمال ۔۲ اسم واحد ہے جس کا اطلاق جمع پر بھی کیا جاتا ہے۔ حالانکہ نہ وہ جمع ہوتا ہے اور نہ ہی اسم جمع بلکہ وہ جنس پر دلالت کرتا ہے۔ جوہری نے کہا کہ اس لفظ ''جمال'' کی جمع نہیں اتی بلکہ یہ مونث ہے اس لئے کہ وہ اسم جمع جس کا واحد اس کے الفاظ سے نہ ہو اور وہ ذوی العقول کیلئے مستعمل ہو تو ان کے لے (مونث ہونا) لازمی ہوتا ہے لیکن تصغیر بناتے وقت ھاء کا اضافہ کرتے ہیں۔ مثلاً ''اُبَیلَۃٌ وَغُنَیمَۃٌ'' وغیرہ۔ اکثر ''اِبِلٌ'' اور ''اِبْلٌ'' آتا ہے اس کی جمع ''آبال'' ہے لیکن جب یائے نسبت کا اضافہ کریں تو ''اِبلِی'' یائے مفتوح استعمال ہوتی ہے۔

ابن ماجہ میں عروۃ البارقی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اونٹ گھر والوں کیلئے باعث عزت اور بکریاں باعث برکت ہوتی ہیں اور گھوڑوں کی پیشانیوں میں (یعنی گھوڑوں میں) خیر و برکت قیامت تک کیلئے باندھ دی گئی ہے۔

ابن ماجہ میں وھب بن منبہ کی روایت ہے۔ آدم علیہ السلام اپنے مقتول بیٹے کیلئے اتنے برس تک اونٹ جمع کرتے رہے اور اس دوران حضرت حوا علیہا السلام سے ملاقات نہیں کی (یعنی ان سے انس و محبت نہیں کی بلکہ ان سے دور رہے)۔

اہل لغت نے لکھا ہے کہ عرب میں اونٹ کو ''نبات اللیل'' بھی کہا گیا ہے نیز مذکر و مونث کو جب وہ نو سالہ یا چار سالہ (جذعہ) ہو جائے تو ''بعیر'' کہا جاتا ہے۔ اس کی جمع ''اَبعِرَۃ بعران'' آتی ہیں۔ بوڑھی اونٹنی کو ''الشارف'' کہتے ہیں اس کی جمع شرف اتی ہے۔ دوکوہان اونٹ کو ''عوامل'' کہتے ہیں۔ اونٹ بھاری بھر کم اور فرمان بردار جانور ہوتا ہے۔ لیکن روز بروز دیکھنے کی وجہ سے اس کا عجیب الخلقت ہونا عام نہیں رہا۔ (البتہ یورپ کے لوگوں کے لئے اب بھی ہے)۔

اونٹ کی خصوصیات:-

اونٹ بڑے جسم والا جانور ہے' اونٹ کی خصوصیت ہے کہ وہ بھاری بوجھ اٹھا کر بلا تکلیف پاؤں پر کھڑا ہو جاتا اور بیٹھ جاتا ہے۔ اگر کوئی چوہیا اونٹ کی نکیل دبا کر جہاں لے جانا چاہے آسانی کے ساتھ لے جا سکتی ہے۔

اونٹ فرمانبرداری سے منہ نہیں موڑتا' اونٹ کی پشت اتنی وسیع ہے کہ انسان مع ساز و سامان اشیائے اکل و شرب' ضروری برتن' گدا' تکیہ اور کپڑوں کے ساتھ سواری کر سکتا ہے۔ اسے ایسے لگے گا گویا کہ وہ اپنے گھر میں بیٹھا ہوا ہے۔ ان سب چیزوں کے باوجود اونٹ اس مصنوعی گھر کو لے کر پھرتا رہتا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

''اَفَلاَ یَنظُرُونَ اِلَی الاِبلِ کَیفَ خُلِقَتْ'' کیا وہ اونٹ کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے وہ پیدا کیا گیا۔ (سورۃ الغاشیہ) اللہ تعالیٰ نے اونٹ کی لمبی گردن اس لئے بنائی ہے تاکہ وہ بوجھ لے کر آسانی کے ساتھ اٹھ بیٹھ جائے اور بھاری بوجھ اٹھا سکے۔ بعض حکماء (جن کے علاقوں میں اونٹ نہیں ہوتے) سے سوال کیا گیا کہ اونٹ کیا چیز ہے؟ دانشوروں نے سوچنے کے بعد جواب دیا کہ اونٹ ایک لمبی گردن والا جانور ہے۔ اونٹ کو اس طرح پیدا کرنے میں اللہ تعالیٰ کا ارادہ یہ تھا کہ پانی کی کشتی کی طرح خشکی کی کشتی بھی تیار ہو جائے۔ اونٹ کو پانی پر صبر کرنے کی زبردست طاقت حاصل ہے چنانچہ اگر اونٹ کو سفر میں دس دن تک بھی پانی نہ ملے' تب بھی اونٹ صبر کر سکتا ہے۔ اسی طرح اونٹ ہر اس گھاس پھوس کو جسے دوسرے جانور نہیں کھاتے کھا لیتا ہے۔

سعید بن جبیر سے مروی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ راستے میں قاضی شریح سے میری ملاقات ہوگئی تو میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کہاں تشریف لے جا رہے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا میں کناسہ (کوفہ کے قریب ایک گاؤں) کی طرف جا رہا ہوں۔ میں نے کہا کہ آپ کناسہ جا کر کیا کریں گے؟ قاضی شریح فرمانے لگے کہ میں وہاں جا کر اونٹوں کو دیکھوں گا کہ اللہ رب العزت نے انہیں کیسے پیدا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

''وَعَلَیهَا وَعَلَی الفُلکِ تُحمَلُونَ''

اور ان پر بھی اور کشتی پر بھی لدے لدے (سوار ہو کر) پھرتے ہو۔

اللہ تعالیٰ نے اونٹ کی مشابہت کشتی کے ساتھ اس لئے دی کہ اونٹ بھی بظاہر خشکی کی ایک کشتی ہے۔ اسی طرح ''ذوالرمۃ'' شاعر نے کہا ہے۔

''سَفِینَۃٌ بَرٍّ تَحتَ خَدِّی زِمَامُہَا''

خشکی کشتی (یعنی اونٹ) کی مہار اس کے دونوں رخساروں کے نیچے ہوتی ہے۔
دوسرے مقام پر "ذوالرمۃ" نے اونٹ کا "صیدح" کے نام سے تذکرہ کیا ہے۔

سَمِعتُ النَّاسَ يَنتَجِعُونَ غَيثًا
فَقلتُ لِصَيدَحَ انتَجِعِي بِلَالَا

میں نے سنا ہے کہ لوگ گھاس کی تلاش میں سرگرداں ہیں تو میں نے صیدح (اونٹی) سے کہا کہ تو بھی ہموار زمین میں (چرنے کی جگہ) ڈھونڈ لے۔

"صیدح" ذوالرمۃ شاعر کی اونٹنی کا نام تھا۔ بعض حضرات کا کہنا ہے کہ یہ مذکورہ شعر سیبویہ نحوی کا ہے۔ لفظ "النَّاس" کو شعراء نے زبر اور پیش دونوں طرح پڑھا ہے۔ "النَّاسُ" مرفوع ہونے کی صورت میں حکایت کے طور پر معانی ہو جائیں گے کہ ان کلمات کو لوگوں نے سنا۔ انشاء اللہ صیدح پر تفصیل باب الصاد میں آئے گی۔

اونٹ کے متعلق احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اونٹ کو برا بھلا نہ کہو اس لئے کہ وہ خون کا بہایا۔ اور شریف آدمی کیلئے مہر ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اونٹوں کو دیات وغیرہ میں دیا جاتا ہے جس کے ذریعے خون ریزی سے بچت اور زندگی محفوظ ہو جاتی ہے۔

اور قاتل قصاص کے طور پر قتل (خون بہا) سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ یہ وضاحت "الفصیح فی اللغۃ" میں مذکور ہے۔

دوسری حدیث میں ہے "اونٹوں کو گالی نہ دو اس لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی روح ہیں"۔

ابن سیدہ اس کی تشریح میں کہتے ہیں کہ اونٹ کا شمار ان چیزوں میں ہے جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو وسعت دی ہے۔ اسی طرح ایک اور حدیث میں یہ الفاظ ہیں۔ "لَا تَسُبُّوا الرِّيحَ فَإِنَّهَا مِن نَفَسِ الرَّحمٰنِ" "اونٹوں کو گالی نہ دو کیونکہ یہ رحمان کی روح ہیں۔ صحیحین (بخاری، مسلم) میں "حضرت ابوموسیٰ اشعری سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ قرآن کی خبر گیری کرو (یعنی قرآن کو پڑھتے رہو) قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جان ہے، قرآن سینوں سے اس طرح نکل جاتا ہے کہ اونٹ بھی اتنی جلدی اپنی رسی سے نہیں نکلتا"۔

حضرت عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قرآن پڑھنے والے کی مثال باندھے ہوئے اونٹ کی سی ہے۔ اگر مالک اونٹ کی خبر گیری کرتا ہے تو وہ بندھا اور رکا رہتا ہے اور اگر اونٹ کو چھوڑ دیتا ہے۔ یعنی خبر گیری نہیں کرتا) تو جاتا رہتا ہے۔ اسی طرح اگر قرآن پڑھنے والا رات و دن قرآن کی تلاوت کرتا رہتا ہے تو قرآن اسے یاد رہے گا لیکن اگر وہ قرآن کی تلاوت نہ کرے اور یاد نہ کرے تو قرآن اس کے سینے سے نکل جاتا ہے (یعنی بھول جاتا ہے)۔

حضرت عبداللہ بن عمر سے ہی دوسری روایت مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لوگ سو اونٹوں کی طرح ہیں جن میں سے کوئی سواری کے قابل نہیں۔ (بخاری، مسلم)

اس کی تفصیل انشاء اللہ "باب الراء المهملة فی لفظ الراحلة" میں آئے گی۔

اونٹ کی اقسام:۔

اونٹ کی مختلف اقسام ہیں۔

(۱) الارحبیہ اس اونٹ کو کہتے ہیں جو قبیلہ "بنو ارحب" کی طرف منسوب ہو "بنو ارحب" قبیلہ ھمدان کی ایک شاخ ہے۔ شیخ ابن صلاح کہتے ہیں کہ "ارحبیہ" یمنی اونٹ کا نام ہے۔

(۲) الشذقمیہ نامی اونٹ نعمان بن منذر کا ایک عمدہ قسم کا اونٹ تھا اس لئے اس کی نسلیں اسی نام کی طرف سے منسوب ہو گئیں۔

(۳) العیدیہ (عین کی زیر کے ساتھ) ان اونٹوں کو جو قبیلہ "بنو العید" کی طرف منسوب ہوئے "صص العیدیہ" کہتے ہیں۔ صاحب الکفایہ کے قول کے مطابق "العیدیہ" قبیلہ "بنو مہرہ" کی شاخ ہے۔

(۴) المجدیہ یمنی اونٹ کو کہتے ہیں جو عمدہ ہونے میں مشہور ہے۔

(۵) الشدنیہ۔ صاحب الکفایہ کے قول کے مطابق "الشدنیہ" وہ اونٹ ہے جو فحل یا بلد کی طرف منسوب ہیں۔

(۶) المھریہ۔ وہ اونٹ ہیں جو "مھرہ بن حیدان" کی طرف منسوب ہیں۔ ابن صلاح کہتے ہیں کہ مرہ بن حیدان قبیلہ کا باپ تھا۔ (مھرہ کی جمع مھاری ہے) امام غزالی فرماتے ہیں کہ "المھریہ" ردی اونٹوں کو کہتے ہیں لیکن یہ بات صحیح نہیں ہے اس لئے کہ انہی اونٹوں میں بعض جنگلی اونٹ ہوتے ہیں اور ان کو جنگلی اونٹ ہی کہا جاتا ہے۔ بعض لغویین یہ کہتے ہیں کہ وہ قوم عاد اور قوم ثمود کے بقایا اونٹ کی نسلوں سے ہوتے ہیں لیکن (اہل لغت) کچھ اونٹوں کے دوسرے نام بھی رکھ دیتے ہیں۔ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ بعض اونٹوں میں مختلف قسم کے اوصاف پائے جاتے ہیں۔ ان میں سے کچھ اچھے اور کچھ برے ہوتے ہیں۔

(۷) العیس۔ ان اونٹوں کو کہتے ہیں جن کے مزاج میں سختی یا شدت زیادہ پائی جاتی ہے۔

(۸) الشملال۔ وہ اونٹ ہیں جو ہلکے پھلکے ہوں۔

(۹) الیعملۃ۔ کام کرنے والے اونٹوں کو کہتے ہیں۔

(۱۰)الوجناء۔وہ اونٹ ہیں جن کے مزاج میں سختی ہو۔
(۱۱)الناجیة۔ان اونٹوں کو کہتے ہیں جو تیز رفتار ہوں۔
(۱۲)العوجاء۔چھریرے بدن والے اونٹوں کو کہا جاتا ہے۔
(۱۳)الشمردلة۔لمبے بدن والے اونٹوں کو کہا جاتا ہے۔
(۱۴)الهجان۔اچھی قسم کے اونٹوں کو کہتے ہیں۔
(۱۵)الکوما۔بڑے بڑے کوہان والی اونٹنیوں کو کہتے ہیں۔
(۱۶)الحرف۔دبلی اور چھریرے بدن والی اونٹنی کو کہتے ہیں۔
(۱۷)القوداء۔لمبی گردن والی اونٹنی کو کہتے ہیں۔
(۱۸)الشملیل۔تیز رفتار اونٹنی کو کہتے ہیں۔

کعب بن زہیر نے اپنے ایک شعر میں اونٹ کی ان اقسام کا ذکر کیا ہے۔

حرف ابوها اخوها من مهجنة
وعمها و خالها قوداء شمليل

الحرف (اونٹنی) کے باپ، بھائی بدن کے ہلکے، سفید، شریف النسل ہیں، اس کے چچا، ماموں گردنیں اونچی اور ان کی رفتار تیز ہے۔

اونٹ کی عادات:۔

(۱)اونٹ سال بھر میں صرف ایک مرتبہ جفتی (یعنی اونٹنی کو حاملہ کرنا) کرتا ہے۔لیکن اس کی جفتی دیرپا ہوتی ہے اور وہ اس دوران بار بار انزال کرتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ اونٹ جب جفتی سے فارغ ہوتا ہے تو اس میں کمزوری اور سستی پیدا ہو جاتی ہے۔

(۲)اونٹنی تین سال میں حامل ہوتی ہے اسی لئے اس کو ''حقة'' بھی کہتے ہیں۔

(۳) ماہرین حیوانات کے مطابق اونٹ بغض اور کینہ رکھنے والا جانور ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اونٹ میں صبر و تحمل اور دوسر پر حملہ آور ہونے کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے۔

(۴) صاحب المنطق نے بیان کیا ہے کہ اونٹ اپنی ماں پر (جفتی کرنے کیلئے) نہیں چڑھتا۔

صاحب النطق نے اونٹ کی اس خصوصیت پر ایک واقعہ بھی نقل کیا ہے کہ گذشتہ زمانے میں ایک آدمی نے اونٹنی کو ایک کپڑے سے ڈھانپ کر اس کے نوجوان بچے کو اس پر چھوڑ دیا تو وہ اونٹنی کا بچہ اپنی ماں پر (جفتی کرنے کیلئے) چڑھ گیا۔جب اس بچے نے اپنی ماں کو پہچان لیا کہ یہی اس کی ماں ہے تو اس نے اپنے ذکر (آلہ تناسل) کو کاٹ لیا۔پھر وہ نوجوان اونٹ اس آدمی سے بغض رکھنے لگا یہاں تک کہ اس نوجوان اونٹ نے اس آدمی کو مار ڈالا۔پھر اس نوجوان اونٹ نے اپنے آپ کو بھی ہلاک کر دیا۔

(۵)اونٹ ایسا جانور ہے جس کے ''پتہ'' نہیں ہوتا، شاید اس وجہ سے کہ اونٹ کے اندر صبر و تحمل کی بے پناہ قوت ہوتی ہے۔اور اطاعت و فرمانبرداری کا جذبہ پایا جاتا ہے۔اونٹ کی کنیت ابوایوب ہے، اونٹ کے جگر میں پتے کی مانند ایک چیز پائی جاتی ہے غالباً وہ ایک قسم کی کھال ہوتی ہے جس میں لعاب لگا ہوتا ہے اس کھال کی خصوصیت یہ ہے کہ اگر اس کا سرمہ آنکھوں میں لگایا جائے تو پرانے پھولے کیلئے فائدہ مند ہے۔

(۶) اونٹ کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ کانٹے دار جھاڑیوں کو مزے لے کر کھا جاتا ہے۔اونٹ کو ان کانٹے دار جھاڑیوں کے ہضم کرنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آتی اس کی وجہ یہ ہے کہ اونٹ کی انتڑیاں اتنی مضبوط ہوتی ہیں کہ اسے خاردار چیز کو ہضم کرنے میں پریشانی نہیں ہوتی لیکن اونٹ جو کو بڑے مشکل سے ہضم کر پاتا ہے۔

(۷) ''اونٹ کے متعلق'' اہل عرب میں حیران کن یہ بات دیکھی گئی ہے کہ جب کوئی اونٹ خارشی ہو جاتا ہے تو دوسرے صحیح و سالم اونٹوں کو بھی داغ دیتے ہیں تا کہ مرض متعدی نہ ہونے پائے اور خارشی اونٹ صحیح ہو جائے۔

نابغہ نے کہا ہے۔

وَحَلتنی ذَنبُ امرِیءٍ وَترَکتُهُ
کَذَالعریکوی غَیرَہُ وَھُوَ رَاتِعٌ

مجھے کسی انسان کی غلطی تنگ کرتی ہے تو میں غلطی کرنے والے کو چھوڑ دیتا ہوں اور کسی اور سے انتقام لیتا ہوں۔

اسی طرح خارشی اونٹ کی وجہ سے غیر خارشی اونٹ کو تندرست ہونے کے باوجود داغ دیا جاتا ہے۔

شاعر کہتا ہے۔

غَیرِی جَنٰی وَاَنَا المُعَاقِبُ فِیکُمْ
فَکَاَنَّنِی سَبَابَةُ المُتَنَدَّمِ

گناہ کسی دوسرے نے کیا اور سزا مجھے دی گئی گویا کہ مجرم کے اشارہ پر مجھے نشانہ بنایا گیا۔

ابوعبید القاسم بن سلام نے اس کا انکار کیا ہے اور اہل علم کی ایک جماعت نے ایک روایت نقل کی ہے۔

حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ بنوفزارہ کا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میری بیوی نے ایسا بچہ جنا جس کا رنگ کالا ہے۔پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے عرض کیا جی ہاں۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کس رنگ کے ہیں؟ عرض کیا سرخ رنگ کے۔پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا ان اونٹوں میں کوئی خاکستری (گندمی) رنگ کا بھی ہے۔اس نے عرض کیا ہاں خاکستری رنگ کے بھی ہیں۔پھر

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بس وہی بات ہے (جو اس میں ہے) پھر اس نے عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وضاحت فرمائیے کہ ان اونٹوں میں یہ کالے رنگ کا کیسے پیدا ہوگیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا شاید اس (سیاہ رنگ) کو کسی رگ نے کھینچ لیا ہو (یعنی اس بچہ کی کو اصل میں بھی کوئی شخص کالے رنگ کا رہا ہوگا جس کے یہ مشابہ ہوگیا)۔

اس حدیث کا ذکر شیر کے باب میں گزر گیا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان کہ "شاید اس سیاہ رنگ کو کسی رگ نے کھینچ لیا ہو" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نبیا کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آدمی کو اس سیاہ فام غلام کی کنیت کی نفی کرنے کی اجازت نہیں دی۔

توضیح:۔

اس حدیث میں جس آدمی کا واقعہ ذکر کیا گیا ہے اس کا نام مضم بن قتادۃ العجلی ہے لیکن ابوعمر بن عبدالبر نے اپنی کتاب الاستیعاب میں اس کا ذکر نہیں کیا۔ نیز اس حدیث کے علاوہ اور کوئی دوسری حدیث ان سے مروی نہیں۔ حدیث کے دیگر ذخیرے "مسند" وغیرہ میں بھی اس نام کا ذکر ملتا ہے۔ شیخ عبدالغنی نے اس حدیث کو کچھ اضافہ کے ساتھ نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ بنو عجل کی ایک عورت تھی۔ قبیلہ بنو عجل کی چند بوڑھی عورتیں مدینہ منورہ آئیں اور سب نے اس عورت کے بارے میں سوال کیا کہ اس نے سیاہ فام غلام جنم دیا ہے۔ ان عورتوں نے یہ بھی کہا کہ ان کے آباؤ اجداد میں ایک سیاہ فام آدمی بھی گزرا ہے شیخ عبدالغنی نے اس آدمی کا نام ضمضم بن قتادۃ العجلی نقل کیا ہے۔ خطیب ابوبکر نے کہا ہے کہ ان عورتوں نے یہ بھی کہا تھا کہ ان کے خاندان میں ایک سیاہ رنگ کی دادی بھی گزری ہیں۔

اونٹ کا شرعی حکم:۔

نص اور اجماع کے ذریعے سے یہ ثابت ہے کہ اونٹ کا گوشت حلال ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

"اُحِلَّت لَکُم بَھِیمَۃُ الاَنعَام"

تمہارے لئے مویشی کی قسم کے سب جانور حلال کیے گئے۔ (المائدہ)

علامہ دمیری لکھتے ہیں کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے لئے اونٹ کا گوشت اور اس کا دودھ حرام کرلیا تھا۔ اونٹ کے گوشت اور دودھ کی حرمت یہ یعقوب علیہ السلام کا اپنا اجتہاد تھا اور اپنے نفس کے لئے ایک کردار تھا۔ اس کا سبب یہ ہے کہ آپ دیہات میں رہتے تھے اس وجہ سے آپ کو عرق النساء کی شکایت پیدا ہوگئی تھی۔ چنانچہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اونٹ کا گوشت اور دودھ اپنے اوپر حرام کرلیا تھا۔ اسرائیل عبرانی زبان کا لفظ ہے یہ حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب ہے۔ اہل علم نے اونٹ کا گوشت کھانے پر وضو کے متعلق اختلاف کیا ہے۔

اگر کسی کا وضو ہو پھر وہ اس کے بعد اونٹ کا گوشت تناول کرلے تو کیا اس کا وضو برقرار رہے گا۔ یا ٹوٹ جائے گا؟ اہل علم کی کثیر جماعت کا اس پر عمل ہے کہ اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا۔ یہی خیال صحابہ کرام میں خلفائے اربعہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت ابی بن کعب' عبداللہ بن عباس' ابوالدرداء' ابوطلحہ انصاری' ابوامامہ باہلی اور عامر بن ربیعہ وغیرہ کا ہے۔ جمہور تابعین کا خیال ہے کہ وضو نہیں ٹوٹتا۔

امام احمد سے اونٹ کے کوہان کے متعلق دونوں قسم کی روایات ہیں (کہ جائز بھی ہے اور ناجائز بھی) لیکن اونٹ کے دودھ پینے کے متعلق امام احمد کے تلامذہ سے دونوں قسم کی روایات ہیں کہ (پیا بھی جاسکتا ہے اور نہیں بھی) اونٹ کے باڑے میں نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ عطن اور اعطان وہ جگہ ہے جہاں پر اونٹ پانی وغیرہ پی کر آرام کرتے ہیں۔ ابوداؤد' ترمذی' ابن ماجہ میں براء بن عازب کی روایت نقل کی گئی ہے۔

حضرت براء بن عازب سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کے متعلق سوال کیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وضو کرلیا کرو۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بکری کے گوشت کے کھانے کے بعد وضو کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس کے بعد وضو نہ کیا کرو۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اونٹوں کے باڑہ میں نماز پڑھنے کے متعلق سوال کیا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم اونٹ کے باڑہ میں نماز نہ پڑھا کرو اس لئے کہ وہ شیاطین کا ٹھکانہ ہے۔ پھر بکری کے باڑہ میں نماز پڑھنے کے متعلق سوال کیا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس میں نماز ادا کرو اس لئے کہ بکریاں مبارک ہیں۔

عبداللہ بن مغفل سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اونٹ شیاطین سے پیدا کیے گئے ہیں۔

جاری ہے

عقد القلب صدر مجرب

تحریر
علامہ مفتی
طالب حسین
کرمانی
چک مغل

قارئین کرام اگر کسی کی عقدالقلب کرنی مقصود ہوتو اس نقش کو باوضو کامل! بیض قرطاس پر اسود مراد سے قمر در عقرب میں ساعت زحل میں منہ میں موم رکھ کر یہ دو عدد نقش لکھیں ایک کو کسی اندھیری پاک کوٹھری میں وزن کے نیچے دیں اور مطلوب کے وزن سے دوگنا وزن زیادہ ہو اور دوسرا طالب اپنے داہنے بازو میں موم جامہ کر کے پہنے انشاءاللہ فوراً عقدالقلب ہوگی اگر طالبہ عورت ہے تو نقش گلے میں پہنے۔

پ۱۰ سورۃ التوبہ آیت ۹۳

باجبرائیل — بسم اللہ الرحمن الرحیم — بامیکائیل

وطبع	الله	علی	قلوبهم
الله	علی	قلوبهم	فهم
علی	قلوبهم	فهم	لایعلمون

باسرافیل — باعزرائیل

الهی بحرمة ایں نقش مکرم معظم ایں عقدالالقلب مطلوب فلاں بن یا بنت فلاں بستم بطن و احساس ظاہری و باطنی بقدر سود کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجر چه کند۔

عقد اللسان صدری مجرب

اگر کسی کی زباں بندی کرنی مقصود ہوتو اس نقش کو باوضو کامل سفید قرطاس پر مراد اسود سے ساعت زحل میں اگر در عقرب ہوتو بہت بہتر ہے منہ میں موم رکھ کر ھذا نقش دو عدد تحریر فرمائیں اپنے گلے یا داہنے بازو میں موم جامہ کر کے پہنیں اور دوسرا نقش کسی شیشی میں ڈال کر اوپر سے ڈھکنا دے کر پاک زمین میں دفن کردیں انشاءاللہ فوراً زباں بندی ہوگی۔

پ۹ سورۃ الانفال آیات ۲۰ تا ۲۱

باجبرائیل — بسم اللہ الرحمن الرحیم — بامیکائیل

ولا	تکونوا	کالذین	قابوا	سمعنا	وهم	لایسمعون
تکونوا	کالذین	قالوا	سمعنا	وهم	لایسمعون	ان
کالذین	الوا	سمعنا	وهم	لایسعون	ان	شرالدواب
قالوا	سمعنا	وهم	لایسعون	ان	شرالدواب	عندالله
سمعنا	وهم	لایسعون	ان	شرالدواب	عندالله	العم البکم
وهم	لایسعون	ان	شرالدواب	عندالله	العم البکم	الذین
لایسعون	ان	شرالدواب	عندالله	العم البکم	الذین	لایعقلون

باسرافیل — باعزرائیل

الهی بحرمة ایں نقش مکرم ممعظم لسان مطلوب الحب فلاں بن یابنت فلاں علے حب فلان بنت یابن فلاں بستم عقل و ہوش و عقداللسان کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چه کند۔

زباں بندی مجرب صدری

اگر کسی کی زبان بندی کرنی ہوتو اس رقعہ کو باوضو کامل بروج منقلب میں یعنی حمل یا سرطان یا میزان یا جدی مہینوں میں سے کسی مہینے کے آخری ہفتہ کی ساعت زحل میں منہ میں موم رکھ کر سفید کاغذ پر ایک تعویز لکھیں اور اپنے گلے میں پہنیں انشاءاللہ فوراً زباں بندی ہوگی۔

باجبرائیل — بسم اللہ الرحمن الرحیم — بامیکائیل

ومنهم	الصمع	الیک	لایبصزون
افانت	ولوکانول	من یستمعون	تسمع
الصمع	ومنهم	لایبصرون	الیک
ولوکانوا	افانت	تسمع	من یستمعون

باسرافیل — باعزرائیل

الهی بحرمة ایں نقش مکرم معظم لسان مطلوب الحب فلاں بن فلاں وفی الفاں علے حب فلاں بنت فلاں بستم عقد اللسان عقل و ہوش بطن و احساس ظاہری باطنی کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چه کند عقد الازن مجرب صدری۔

اگر کسی کی زباں بندی یا نظر بندی یا کان بندی کرنی مقصود ہوتو اس نقش کو باوضو کامل قمر کے آخری ایام میں بروج منقلبین بروز سنیچر ساعت زحل یا مریخ میں منہ میں موم رکھ کر سفید قرطاس پر کالی سیاہی سے لکھیں اگر قمر در عقرب ہوتو بہت بہتر ہے دو نقش لکھیں ایک نقش مطلوب کو سادہ پانی میں پلائیں اور دوسرا تعویز طالب اپنے داہنے بازو میں موم جامہ کر کے پہنے انشاءاللہ آ کا نیک مقصد پورا ہوگا۔ پ۱۴ سورۃ نحل آیت ۱۰۸۔

یاجبرائیل — بسم اللہ الرحمن الرحیم — یامیکائیل

اولئک	الذین	طبع	الله	علی	قلوبهم
الذین	طبع	الله	علی	قلوبهم	وسمعهم
طبع	الله	علی	قلوبهم	وسمعهم	وابصارهم
الله	علی	قلوبهم	وسمعهم	وابصارهم	واولئک
علی	قلوبهم	وسمعهم	وابصارهم	واولیک	هم
قلوبهم	وسمعهم	وابصارهم	واولئک	هم	الغفلون

یااسرافیل — یاعزرائیل

الهی بحرمة ایں نقش مکرم معظم لسان مطلوب الحب فلاں بن یا بنت فلاں ملے حب فلاں بنت یا بن فلاں بستم عقد اللسان و عقد الازن والسماع دل و قلب عقل و ہوش بطن و احساس ظاہری و باطنی کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چه کند۔

عقد الازن و عقد البصر مجرب صدری

اگر کسی کی سماعت یا بصارت کی بندش کرنی مقصود ہو تو اس نقش کو باوضو کامل قمر در عقرب بروز ہفتہ یا منگل بروج منقلبین ساعت زحل یا مریخ میں سفید قرطاس پر اسود سیاہی سے منہ میں موم رکھ کر یہ نقش تین عدد لکھیں ایک شیشی میں ڈال کر اوپر سے ڈھکنا دیکر کسی پاک اندھیری کوٹھڑی میں دفن کریں اور دوسرا نقش مطلوب کو پلائیں اور تیسرا نقش طالب اپنے گلے میں موم جامہ کر کے پہنے انشاء اللہ جلدی آپ کا مقصد پورا ہوگا۔ ۱۶ سورۃ مریم آیت ۳۸۔

یاجبرائیل — بسم اللہ الرحمن الرحیم — یامیکائیل

اسمع بهم	وابصر	یوم	یاتوننا
یاتوننا	یوم	وابصر	اسمع بهم
وابصر	اسمع بهم	یاتوننا	یوم
یوم	یاتوننا	اسمع بهم	وابصر

یااسرافیل — یاعزرائیل

الهی بحرمة ایں نقش مکرم معظم لسان مطلوب فلاں بن فلاں علے حب فلاں بن فلاں ستم عقد اللسان وعقد الازن وعقد البصر ہوش و ہواس و عقل و دماغ دل و قلب بند شود کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چه کند۔

اعمال و تعویزات برائے مجربات محبت

قارئین کرام! میں چند اعمال و نقوش محبت کیلئے مجرب آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں امید ہے کہ ضرورت مند عزیز اس سے ضرور مستفید ہوں گے۔

(1) محمد بن علی اکبر عطاری تبریزی اپنی فارسی کی کتاب در علم جفر صفحہ نمبر 156 میں لکھتے ہیں کہ۔ برائے محبت شدید۔ برد جملیش جملیش شیش مع مطلوب اور اس کی والدہ کے نام ان کو آتش میں جلائیں جلاتے وقت یہ عزیمت پڑھیں۔

عَزمتُ عَلَیکم یَا اسرَافِیلُ وَیَادُو بَائِیلُ یَارُوبَائِیلُ یَاسَر حَاکِیلُ یَا اَردَائِیلُ بِحَولِ اللّٰهِ وَتُوَتِه وَاَقسمتُ عَلَیکم بِعِزِّ اللّٰهِ وَبِنُورِ وَجهِ اللّٰهِ وَبِحَقِّ رُوحَالِیَتِکُم اَطِیعُونِی وَسَخِرلِی قَلبَ فُلَانِ اِبنِ فُلَاں۔ یہ تجربہ شدہ ہے۔

(2) الحکیم ہرمس الہرامسہ اپنے عربی رسالے هِبَةُ المُنَّان فِی تَسخِیرِ مُلوك الجان مكتبة القاهرة صفحہ نمبر 9 میں لکھتے ہیں کہ۔

جب آپ کا ارادہ اس عمل کے کرنے کا ہو تو آپ اس کو ایک کوری شفقتہ یعنی ٹھیکری پر لکھیں مثلاً شفقتہ کدھو گھیا کی طرح صاف ہو آپ اس کو آگ کے نیچے دفن کریں اور آپ کا مطلوب حاضر ہو کر آپ سے محبت کرے گا۔ عمل یہ ہے۔

شروع سورۃ بروج سے لیکر الحریق تک (یعنی پہلی دس آیات) اَنّه صَحِیحٌ بیشک یہ عمل صحیح ہے۔

(3) ہبة المنان فی تسخیر ملوک الجان صفحہ نمبر تسعہ میں ہے کہ نابالغ بچے کی کف (ہتھیلی) پر لکھیں اور آپ کا عزم یہی (محبت) کا ہو عزیمة یہ ہے۔

ط یش ۳ ط بوش ۳ قلبوش ۲ قلموس ۳ ایش ۳ طمش ۳ انه من سلیمان وانه الی العلمون اجب یامیبون شئی هذا الکوز الوحا العجل اساعة بارك اللّٰه فِیکُم وَعَلَیکمُ مجرب صحیح۔

(4) آپ کا ارادہ زوجین کے درمیان محبت کرانے کا ہو تو آپ ایک خیط (دھاگہ) خاوند کے لباس سے لیں اور ایک دھاگہ بیوی کے کپڑوں سے لیں ان دونوں دھاگوں کو آپس میں اَفتَلِهِم یعنی بٹیں اور آپ کسی نیک ساعت میں یہ پڑھیں۔

وَاعتَصِمُوا بِحَبلِ اللّٰهِ جَمِيعاً وَلَا تَفَرَّقُوا وَاذكُرُوا نِعمَةَ اللّٰهِ عَلَيكُمْ اِذكُنتُم اَعدَاءً فَاَلَّفَ بَينَ قُلُوبِكُم فَاَصبَحتُم بِنِعمَتِهٖ اِخوَاناً يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقنٰكُم مِن ذَكَرٍ وَّاُنثٰى وَجَعَلنٰكُم شُعُوباً وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوا اِنَّ اَكرَمَكُم عِندَاللّٰهِ اَتقٰكُم اِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ۔

اَللّٰهُمَّ اَلِّف بَينَهُم كَمَا اَلَّفتَ بَينَ سَيِّدِنَا مُوسٰى وَهَارُونَ وَاَلِّف بَينَهُم كَمَا اَلَّفتَ بَينَ سَيِّدِنَا جِبرِيلَ وَمِيكَائِيلَ اَللّٰهُمَّ اَلِّف بَينَ فُلَان ابنِ فُلَانَة كَمَا اَلَّفتَ بِحَقِّ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ اَصلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرعُهَا فِى السَّمَآءِ تُؤتِى اُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِاِذنِ رَبِّهَا وَيَضرِبُ اللّٰهُ الاَمثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُم يَتَذَكَّرُونَ۔ اس کو ایک مرتبہ پڑھ کر گنڈے پر ایک گرہ لگائیں اس طرح سات گرہ لگائیں اس گنڈے پر بخور لبان کی دھونی دیں اس گنڈے کو طالب اپنے گلے میں پہنے بحصل المطلوب یعنی مطلوب حاصل ہوگا۔ مجرب صحیح

(5) اس کو لکھیں جمعہ کے دن سورج کے طلوع میں ایک ورقہ پر اس کو حرکت دیں اپنی مرضی کے مطابق سر کے اوپر پس بیشک اس کی محبت شدید آپ سے ہوگی۔ یعنی وہ مطلوب آپ سے بہت شدید محبت کرے گا۔

حاضری تسخیر محبوب

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

حاضری تسخیر محبوب کا یہ خاص عمل ہے جس کو کئی بار آزمایا جا چکا ہے۔ ایک خاتون جس کا شوہر ناراض ہو کر گھر سے چلا گیا۔ ایک لڑکی جو کہ کسی سے شدید محبت کرتی تھی اُس سے شادی کی خواہش مند تھی مگر وہ شخص اُس کی جانب توجہ نہ دیتا تھا ایسے ہی ایک دوست جس کی بیوی انتقال کر گئی اور وہ اپنی بیوی سے شدید محبت کرتا تھا اُس کی روح کی حاضری کیلئے اس عمل کو دیا گیا تمام خواہشمند حضرات کو اس عمل کے اثرات فوری ظاہر ہوئے۔ اکثر و بیشتر اس عمل کی قوت سے کام لیتا ہوں بہت جلد قوی اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔

ساعت زہرہ سعد یا اتصال قمر یا عطارد زہرہ تسدیس و تثلیث میں مطلوبہ شخص کا چاندی کا ایک پتلہ تیار کیا جائے اس پتلے کے ماتھے پر مطلوب اپنا نام مع والدہ دونوں آنکھوں کی جگہ پر طلسم زہرہ کندہ کریں اسی طرح دو طلسم سینہ پر دو طلسم دونوں ہاتھ پر کندہ کریں۔ کل چھ طلسم ہونگے۔ اس پتلہ کو خوشبو دار سفید کپڑا یا چنبیلی کے پھولوں میں رکھ کر مطلوب کا نام ندا سے سوا لاکھ ورد کرے۔ روزانہ تعداد کم از کم بارہ ہزار ہو۔ ہر ہزار کے بعد دو رکعت نماز نفل برائے تسخیر مطلوب پڑھے۔ انشا اللہ پہلے ہی سوا لاکھ میں مطلوب حاضر ہوتا ہے۔ حد عمل تین سوا لاکھ ہے اس عمل کی قوت اتنی دیکھی گئی ہے کہ اگر مطلوب فوت بھی ہو چکا ہو تو خواب میں اُس کی روح ملاقات میں حاضر ہوتی ہے با ہوش حواس صاحب ورد اُس سے سوال و جواب کر سکتا ہے۔

بعد عمل اس پتلہ کو سنبھال کر رکھ دیں وقت ضرورت استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ ایک شخص کیلئے صرف ایک ہی پتلہ استعمال ہوگا اگر مطلوب طالب سے بے حد نفرت کرتا ہے تو خالص شہد میں بوقت سعد نظرات سیارگان مقصد حُب دوستی میں اسی پتلہ کو شہد میں رکھ کر دو ہزار بار روزانہ درود، ودود کا ورد مدت عمل چھ یوم ہے انشا اللہ جلد ہی مطلوب کے دل میں طالب کیلئے بے انتہا عشق و محبت پیدا ہوگی جب اثر کو زائل کرنا ہو تو پتلے کو شہد سے نکال دیں اور سادہ سفید کپڑے میں لپیٹ کر رکھ دیں۔

مشاہدات روحانی

از تحریر
ڈاکٹر شفیق احمد
نشتر ہسپتال ملتان

روشنی سے منظر ابھرتا ہے بڑے بڑے درازوں کی الماری ہے ان کا رنگ ہلکا براؤن ہے یہ الماری ایک بڑے کمرے میں دیوار کے ساتھ متصل ہے دراز باری باری کھل اور بند ہو رہے ہیں جیسے کوئی ان سے کچھ تلاش کر رہا ہے۔ لیکن مجھے دکھائی نہیں دے رہا۔ میں اس الماری کے قریب کھڑا ہوں ان ذرازوں کے کھلنے اور بند ہونے کی آوازیں مجھے سنائی دیتی ہیں۔ منظر نظر نہیں آ رہا۔ میرے سر کا سائز بڑھنا شروع ہو گیا ہے جسم ہلکا ہو کر بے وزن محسوس ہو رہا ہے۔ بے وزنی کی کیفیت بڑھتی جا رہی ہے آ سے توجہ کے لیے درخواست پیش کی آپ (حضرت شاہ رکن عالم) کے مزار مبارک کے گرد تیز روشنی کا ہالہ آ گیا۔ مزار مبارک اس روشنی میں چھپ گیا یہ کیفیت کچھ وقت برقرار رہی۔ پھر میں نے خود مزار مبارک کے پائنتی کی جانب داخلی دروازے کے اوپر جس جگہ گنبد شریف کے روشن دان میں دیکھ رہا ہوں۔ پائنتی کی جانب ہوا میں ایک انتہائی تیز روشنی نمودار ہوئی جو دریچے کی جانب جا رہی ہے۔ اس میں ایک بلند قامت شخصیت دکھائی دی ان کے جسم سے تیز روشنی نکل رہی تھی اس لیے ان کے چہرہ کے خدوخال نہیں دیکھ سکا۔ سر پر ٹوپی ہے جسم پر ایک خوبصورت عبا زیب تن ہے۔ آپ ایک نشست پر تشریف فرما ہو جاتے ہیں۔ ان کی نشست سامنے پڑے میز کی (HEAD DIDE) پر ہے جیسے صدر مجلس ہوں میرے دونوں جانب دیگر اصحاب بھی تشریف فرما ہیں لیکن جس چکا چوند روشنی میں ان کے چہرے نظر نہیں آ رہے تمام ماحول ایسے ہے جیسے کوئی میٹنگ (اجلاس) ہو رہا ہے۔ ہر ایک کے سامنے چند فائلیں پڑی ہیں آپس میں بات چیت کر رہے ہیں لیکن آواز نہیں سنائی دیتی۔ میں ان روحانی شخصیتوں کی نشست کے پیچھے کھڑا ان کو دیکھ رہا ہوں اس کے علاوہ اوپر روشن دان کے قریب ہوا میں معلق خاموشی سے چار زانوں بیٹھا ہوں۔ مزار مبارک کی پائنتی کی جانب سے روشنیاں نکل کر فضاء میں معلق جسم کی جانب آتی ہیں۔ یہ روشنیاں بار بار جل بجھ رہی ہیں۔ پھر روشنی کا ایک ہیولا جو کہ میرے انداز نشست پر بیٹھا ہوا ہے۔ اور فضا میں میری جانب آ کر میرے جسم سما جاتا ہے۔ میں جو مزار مبارک کے قریب بیٹھا ہوں اپنے اس معلق جسم کو مخاطب کرتے ہوئے کہتا ہوں "چول نیچے اتر آؤ" میں آہستہ آہستہ نیچے آنے لگتا ہوں فرش پر قدم لگتے ہی ہیں چند قدم چل کر غائب ہو جاتا ہوں میری نشست مزار مبارک کے مغربی جانب سے جبکہ میرا یہ جسم مشرقی جانب اترتا ہے۔ روشنیاں آہستہ آہستہ مدہم ہو رہی ہیں یہ کیفیت ختم ہو گئی ان تمام کیفیات میں میرا لباس وہی ہے جو دوران مراقبہ میں پہن کر بیٹھا ہوا تھا۔

حاضری میں آپ (شاہ رکن عالم) کے مزار مبارک پر حاضر ہوا روشنیاں جھلملا رہی ہیں۔ چند لمحوں بعد طبیعت میں بے چینی پیدا ہو گئی یہ کیفیت کچھ دیر برقرار رہی میں نے آپ سے توجہ کی درخواست کی اور عرض کیا کہ "آپ توجہ کی کوئی نشانی عنایت فرما دیں نوازش ہو گی" یہ عرض کرنا تھا کہ مزار مبارک سے روشنی کے بڑے بڑے تین چار گولے تیزی سے میری جانب آئے حتیٰ کہ میں تمام اس میں چھپ گیا۔ پھر یہ روشنی ختم ہو گئی۔ ایک انتہائی بلند قامت (دیو قامت) روشنی کا ہیولا جس کی جسمانی ساخت انسان جیسی ہے۔ مزار مبارک کے مشرق کی جانب سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس نے اپنے دونوں جانب ہاتھوں میں کم روشن عورت نما ہیولوں کو سر کے بالوں سے پکڑا ہوا ہے اور ان کو گھسیٹ کر بیرونی دروازہ کی جانب لے جا رہا ہے۔ (اس کے ہاتھ دونوں جانب دو سے زائد ہیں) یہ ہیولے چیخ و چلا رہے ہیں۔ لیکن ان کی آواز سنائی نہیں دے رہی۔ یہ منظر اوجھل ہو گیا۔

چند لمحوں بعد مزار مبارک کا تعویز سرک کر سرہانے (شمال کی جانب چلا گیا ہے) اس کے نیچے سے مٹی کی بجائے چھوٹی چھوٹی چپٹی ٹکڑیاں جو آپس میں جڑی نہیں ہیں۔ لیکن معلق ہیں۔ ان کے درمیانی فاصلہ سے تیز روشنی کی لپٹیں بلند ہو رہی ہیں۔ میں خود کو ان کے قریب پاتا ہوں میں نے ان ٹکڑیوں کے درمیانی فاصلہ سے نیچے دیکھا تو آنکھوں کو چندھیا دینے والی روشنی ہی روشنی پھیلی ہوئی ہے۔ یہ منظر ایک اور روشنی میں چھپ گیا۔

سلسلہ وار

کرشمات حروف

از تحریر
شاہینہ کنول
(ملتان)

روحانیات کا سفر طے کرنے والے ہر شخص کی آنکھ میں جھلملاتا سمندر ضرور موجزن ہوتا ہے اور یہی موجیں اہل تشنہ کا ہاتھ تھامے اس محبوب کی بارگاہ میں لاکھڑا کرتی ہیں۔ کہ جہاں عشق کی روشنی کے سوا کچھ دکھائی نہیں دیتا۔ وہ بوندیں اس میرے اللہ کے نزدیک پیاری کیوں نہ ہوں جو صرف اللہ کے خوف سے آنکھ کے در سے بہہ نکلی ہوں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ''جس بندہ مومن کی آنکھوں سے خشیت الٰہی کے تحت مکھی کے سر جتنا آنسو اس کے رخساروں پہ بہہ نکلے تو اس پر اللہ دوزخ کی آگ حرام کردے گا۔ اور یہ بھی آپ ارشاد فرماتے تھے جو اللہ کے ڈر سے روتا ہے تو اس کے گناہ یوں جھڑتے ہیں جیسے عمر رسیدہ درخت سے پتے جھڑتے ہیں۔ جب بھی زندگی کی اس زنجیر میں خود کو جکڑا ہوا محسوس کریں اور راہ فلاح نہ پاسکیں تو ایک رات چپکے سے آنسوؤں کا لباس زیب تن کر کے میرے مولا کی رحیمی ذات کو پکار لیں کچھ شک نہیں میرا مولا جوش رحمت میں نہ آئے یہ صرف کوئی تحریری باتیں نہیں ہیں کیونکہ دل پہ چڑھے میل کو عشق کی بارش کے سوا کوئی نہیں دھوسکتا۔

عشق کی بات کرتا ہوں تو آنکھیں بھیگ جاتی ہیں
میرے مولا کو منانے کیلئے کوئی اور چارہ بھی نہیں ممکن

یاذوالجلال والاکرام کا آغاز لفظ ''ز'' سے ہوتا ہے۔ یہ حرف حار لطب ہے عدد اس کے دوسو ہیں۔ جس مطلب کے واسطے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ انشاء اللہ مطلب پورا ہوگا۔ جو کوئی مرض خفقان میں مبتلا ہو گیا ہو تو چاہیئے کہ جب قمر برج عقرب میں طلوع کرے تو نقش حرف ''ز'' کو اپنے پاس رکھے اور یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اُمید قوی ہے کہ نجات یقینی ممکن ہے۔

نقش مبارک یہ ہے۔

۱۴۵	۱۵۰	۱۴۳
۱۴۴	۱۴۶	۱۴۸
۱۴۹	۱۴۲	۱۴۷

سورۃ بقرہ میں آغاز سفر لفظ ''ز'' سے ہوتا ہے۔ ذالک الکتب سے تا آخر اس پوری سورۃ کو صبح کی روشنی پھوٹتے وقت پڑھی جائے تو شیطان اس گھر میں ہرگز داخل نہ ہوگا۔ نجات قرض کیلئے کہ کوئی اس مصیبت میں پھنس گیا ہو اور کوئی ایسا راستہ نہ نکلتا ہو جس سے قرض کی ادائیگی ممکن ہو سکے تو حرف ''ز'' کی اس آیت میں قرض والوں کیلئے راہ نجات ہے کہ اس کے ورد رکھنے سے انشاء اللہ جلد ہی کوئی راہ نکل آئے گی۔ اور قرض کی خلاصی یقینی ہوگی۔

وہ آیت یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعجزِ والْکَسلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِن غَلَبَۃِ الدَّینِ وَقَھرِالرِّجَالِ۔

اکثر حضرات ڈاکٹروں کی مدتوں کڑوی کسیلی ادویات استعمال کرتے ہیں مگر آخرکار یہ Result سننے میں آتا ہے۔ کہ سوری اس مرض کا علاج ناممکن ہے ان افراد کیلئے جو مجبور ہوں اور سوائے صبر کے کوئی چارہ ممکن نہیں ہوتا تو چاہیئے کہ ساعت شمس میں اس کو کاغذ پر تحریر کرے۔ اور گھول کر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ شفاء پائے گا۔

نقش مبارک یہ ہے۔

ا ۹ اا M ز ۴ ح ۸ ۰ اا
3 3 3 4 ع اا
صلح صلح ھم ﻟ عہ اا
۱۱۸ ۱۱۲ ۱۱ ۱۱ ۱
⧖ اآا م ≈ اا ا ا طلا 3

یہ حرف بار در طب ہے عدد اس کے دوسو ہیں۔ جس مطلب کے واسطے لکھ کر حرف ''ز'' اپنے پاس رکھے گا۔ مطلب ہر پورا ہوجائیگا۔

انسان کی سب سے بڑی کمزوری اعصاب کی کمزوری ہے۔ اصل میں اس

کی بہت سی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ مثلاً مستقل الجھن، دماغی تھکن، نیند کی کمی، خوف، روحانی اقدار سے انحراف، شک، وسوسہ وغیرہ وغیرہ۔ سب سے پہلے یہ ضروری ہے۔ انسان اپنے اندر قناعت پیدا کرے اور اپنے معاملات کو اس رحیمی ذات پر چھوڑنے کی عادت بنالے۔ اب اللہ پر معاملات چھوڑنے سے مراد یہ نہیں آدمی ہاتھ پیر چھوڑ کر بیٹھ جائے۔ صحیح طرز فکر یہ ہے آدمی وظیفہ اعضاء پورا کرنے کے بعد نتیجہ اللہ پر چھوڑ دے اور بطور علاج صرف ایک گھونٹ پانی پر ایک مرتبہ "الرَّضَاعَتُ عَمَانُوِیْلُ" پڑھ کر پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ پی لے۔ انشاء اللہ شفاء ملے گی۔ تا مدت شفاء علاج جاری رکھیں۔

"بہرا پن" یہ مرض اکثر بوڑھے بزرگوں میں دیکھنے کو ملتا ہے۔ یہ مرض Up یا Down عمر میں ہو سکتا ہے۔ کان کے اندر ہڈی کے اوپر بال ہوتے ہیں اگر نزلہ کان کی طرف مستقلاً رجوع کرے یا کسی دوسری بیماری کے سبب یہ بال اگر موٹے ہو جائیں تو آواز کی لہریں ان بالوں کو اتنا نہیں ہلا پاتیں جتنا سماعت کیلئے ضروری ہے۔ نتیجہ یہ اخذ ہوتا ہے کہ آدمی یا تو کم سنتا ہے یا بالکل بہرا ہو جاتا ہے۔

"راسُ السَّمعَ المَرامَ" رات کو سونے سے پہلے اور دن میں زوال کے فوراً بعد سیدھے ہاتھ کی چھوٹی انگلی پر دم کر کے کان میں گھمائیں یہی الفاظ کاغذ پر تحریر کر کے اگر مرد حضرات ہیں تو بازو پر باندھیں۔ اگر خواتین ہیں تو گلے میں پہنیں۔ انشاء اللہ چند روزہ عمل سے اس تکلیف سے نجات پائیں گے۔

"فالج اور لقوہ" ایسی بیماری ہے۔ جو انسان کے چہرے کے عضلات کو ٹیڑھا کر دیتا ہے۔ جس سے پورے جسم کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے۔ دراصل روشنی کی رو جب الم الدماغ سے گزرتی ہے تو کسی وجہ سے اس کے درمیان Cosmic Ray آجائے اور اپنی جگہ سے تقریباً 4 یا 5 انچ داہنی جانب سے ہٹ جائے تو برقی نظام تباہ ہو جاتا ہے۔ جسے فالج کا نام دیا جاتا ہے۔ جبکہ لقوہ کا تعلق اعصابی نظام سے ہے۔ اس متاثرہ مریض کیلئے علاج یہ ہے۔

بسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

رَمِیمُ فِرقُ الحَام

۴۱ ۳۱ ۲۷ ۱۹ ۱۱ ۲۹

کھانے کے زرد رنگ کو گھول کر روشنائی بنائیں اس روشنائی سے یہ تین عدد تعویز چینی کی پلیٹوں پر لکھ کر صبح، شام، رات پانی سے دھو کر پلائیں یہی تعویز اسی رنگ کی روشنائی سے چکنے اور موٹے ایک بالشت کاغذ پر لکھ کر سر، گدی پیشانی اور چہرے پر دن میں تین بار ملیں علاج میں اس بیماری سے متعلق پرہیز ہے وہ ضرور کریں۔

"بھینگا پن" کا مرض یہ اکثر بچوں میں پایا جاتا ہے۔ تیر بہدف علاج اس کا یہ ہے کہ جس وقت مریض بالکل سیدھا دیکھ رہا ہو اس کی آنکھیں بند کرا دیں اس کی آنکھ جو بھینگی ہے اندھیرے میں ہلکی سی پٹی باندھ دیں پٹی باندھتے وقت یہ تصور کریں کہ میں اور مریض عرش کے نیچے ہیں۔ یہ پٹی اکیس (21) روز تک بندھی رہے پٹی میلی ہونے پر اندھیرے میں بدل دیں۔ پٹی باندھتے وقت یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ نظر سیدھی رہے یعنی آنکھ کی پتلی سیدھی ہے۔ 21 روز کے عمل سے انشاء اللہ آنکھ کا بھینگا پن ختم ہو جائے گا۔ دوران عمل یارحم کا ورد کریں اور دعائے صحت کریں ایک اہم بات جو میرے مشاہدے میں آئی ہے اور ہر دفعہ اسے صحیح پایا کہ مشکلات پریشانیاں تکلیف اور بیماریوں کو دور کرنے میں ایک چیز اہم کردار ادا کرتی ہے اور وہ ہے **"صدقہ"** بلاؤں کو ٹالتا ہے۔

اور یکسوئی عقیدہ سے کیا گیا ہر عمل رنگ لاتا ہے۔ آخر میں **"تحفہ روحانیات"** کی ترقی کی دعا کریں کہ اس کی بدولت کتنے غمگین کے چہروں پر مسکراہٹ آجاتی ہے۔ (آمین)

سلسلہ وار

قرآنی آیات سے علاج

تحریر: (راولپنڈی)

انگلیوں کے درد کا علاج

☆ انگلیوں میں کسی قسم کی تکلیف ہو تو تین سو دفعہ درج ذیل آیت تلوں کے تیل پر دم کر کے مالش کریں انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

(لا یصدعون عنها والا ینزفون)

☆ پاؤں کی انگلیوں میں درد ہو تو تین مرتبہ درج ذیل آیت پڑھ کر دم کریں (ان لن بعمع عظامه بلی قادرین علی ان نسوی بنانه)

عرق النساء

آج کل تقریباً ہر تیسرا شخص اس تکلیف میں مبتلا ہے اور درود پاک دس دفعہ پھر سورۃ الفاتحہ سات دفعہ پھر سورۃ اخلاص سات دفعہ پڑھ کر اون کا سیاہ دھاگہ لے کر اس پر دم کریں پھر ایک گرہ لگا دیں اسی طرح (9) نو بار کریں یعنی یہ عمل نو دفع کیا جائیگا کل نو گرہیں لگائیں مریض غسل کرنے کے بعد وہ دھاگہ کمر پر باندھ لے انشاءاللہ فوراً آرام آجائے گا پھر اس کی شکایت بھی نہ ہوگی۔

☆ پاک برتن پر سورۃ الفاتحہ لکھ کر روغن بلسان سے دھوئے اور اس روغن پر سورۃ فاتحہ ستر (70) دفع پڑھ کر دم کرنے کے بعد متاثرہ جگہ کی مالش کی جائے۔ انشاءاللہ افاقہ ہوگا۔

پاؤں کے جملہ امراض کیلئے

☆ پاؤں میں کسی طرح کی کوئی بھی تکلیف ہو تو گیارہ دفع درج ذیل آیات کو تیل پر دم کر کے مالش کریں۔ انشاءاللہ پاؤں کی تمام تکلیف دور ہوجائے گی۔

ہاتھ پیروں میں درد کا علاج

☆ درج ذیل قرآنی آیات متاثرہ شخص کو لکھ کر دیں تعویز گلے میں ڈالے۔

وما لنا الا نتوکل علی الله وقدھونا سبلنا ونصبرن علی ما اذیتمونا و علی الله کلیتوکل المتوکلون:

بازو کے درد کا علاج

☆ یہ آیاتیں مریض کے گلے میں تعویز کی شکل میں ڈالیں فائدہ ہوگا

فاما من اوتی کتبه بیمینه فیقول ھآؤم اقرء واکتبه۔

☆ بازو میں تکلیف ہو تو سورۃ طارق تل کے تیل پر دم کر کے مالش کریں۔

☆ سورۃ ہمزہ بابا ونہ کے تیل پر دم کر کے مالش کریں فائدہ ہوگا۔

درد ران کا علاج

یہ قرآنی آیاتیں پانی پر دم کر کے آیاتیں پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاءاللہ درد جاتا رہے گا الله الذی جعل لکم الارض قرازا واسمآء نآء وضورکم فاحسن صورکم ورزقکم من الطیبت ذلکم الله ربکم فتبارك الله رب العلمین

درد پنڈلی

☆ یہ آیات لکھ کر درد کی جگہ باندھ دیں انشاءاللہ درد جاتا رہے گا مجرب ہے والتفت الساق بالساق۔ الی ربک یومئذن المساق۔

☆ مٹی کے کورے برتن پر اس آیت کو سیاہی سے لکھیں اور روغن زیتون سے حروف دھو کر اس روغن کو ہلکی آنچ پر گرم کریں اور متاثرہ جگہ کی مالش کریں۔ واذا مس الانبیان الضرد عانالجنه اوقاعدا اوقاء مافلما کشفنا عنه ضره مرکان لم ید عنا الی ضرمسة کذالک زین للمسرفین ماکانوا یعملون۔

سردی کے بخار کا علاج

سات دفع فلما تجلی ربه للجل جعله دکاوخر موسی صعقا ان آیات مبارکہ کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاءاللہ سردی کا بخار جاتا رہے گا اس عمل کو تین سے سات روز تک کیا جائے۔

گرمی کے بخار کا علاج

☆ اگر کسی شخص کو گرمی کے ساتھ بخار آتا ہو یہ آیت لکھ کر مریض کو پلائیں انشاءاللہ بخار دوبارہ نہیں آئے گا ان الذاتقوا اذا مستھم طآئف من الشیطن تذکرو افاذاھم مبصرون۔

☆ گرمی کے بخار کے مریض کو یہ تعویز ڈالیں بخار نہیں آئے گا قلنا ینار کونی برداؤ سلما علی ابرھیم۔

تپ دق کا علاج

☆ مریض پر چالیس دفع سورۃ الفاتح پڑھ کر دم کریں اور دوبارہ سے پانی پردم کر کے وہ پانی مریض کو پلاتے رہیں۔

☆ بعد نماز عصر سورۃ المجادلہ پارہ 28 تین دفع پڑھ کر مریض پردم کریں۔

دماغ کے بخار کا علاج

☆ سرسام کے مریض کیلئے سورۃ عنکبوت روغن بلسان پر گیارہ بار دم کر کے مریض کے سر میں مالش کریں۔

اجمن یمشی مکبا علی وجھه اھدی امن یمشی سویا علی صراط مستقیم۔ ان السمیع والبصر والفئواد کل افلک کان عنه مسولا۔ قل ھو اللہ احمد۔ اللہ الصمد۔ لم یلد ولم یولد۔ ولم یکن له کفواً احد۔

جوڑوں کے درد کا علاج

☆ جس جگہ درد ہو اس جگہ کو مضبوط پکڑ کر دس مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور دس مرتبہ سورۃ الکافرون پڑھ کر دم کرے اور چھوڑ دے پھر مریض سے دریافت کرے آرام آیا ہے کہ نہیں اگر آرام نہیں آیا تو پھر دوبارہ یہ عمل کریں اسی طرح تین دفع کریں۔

بخار کا علاج

☆ ایک سفید سوتی ڈورہ لے کر اس پر سورۃ والضحیٰ پڑھے اس سورۃ میں نو کاف ہیں جب ہر کاف پر پہنچے تو ایک گرہ اس ڈورے میں لگا دے یہاں تک کہ (9) نو گرہیں مکمل ہو جائیں پھر مریض کے بائیں ہاتھ کی کلائی پر باندھ دے شفاء ہوگی۔

☆ بخار میں یہ دعا پڑھنا مفید ہے۔ بسم اللہ الکبیر اعوذ باللہ العظیم من شیر کل عرق نعار ومن شر حر النار۔

☆ بخار کے مریض کی پشت پر شہادت کی انگلی سے اذان لکھے فوراً بخار اتر جاتا ہے۔

باری کے بخار کا علاج

☆ بخار ہونے سے ایک گھنٹہ پہلے کاغذ پر یہ آیات لکھ کر مریض کے ماتھے پر چسپاں کریں بخار نہیں آئے گا۔ (وما محمد الا رسول قدخلت من قبله الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم ومن ینقلب علی عقبیه فلن یضر اللہ شیاء ویسجز اللہ الشکرین)۔

شمسی اعمال

تحریر
ڈاکٹر
لیاقت علی
خانیوال

محترم قارئین کرام!
اللہ کے فضل وکرم سے آپ کی خدمت میں ایک نایاب صدری تحفہ لے کر حاضر ہوا ہوں اگر حروف تہجی کے عامل ہیں تو سونے پر سہاگہ ہوگا یہ عمل ہی میں تقریباً کاموں کیلئے استعمال کرتا ہوں اور فوری نتائج سے مستفید ہوتا ہوں اور لوگوں نے بھی بہت ڈیمانڈ کی تب میں نے سوچا میں مشکلات میں گھرے بہن بھائیوں کو ایاز مزمل صاحب کے وسیلہ سے نقش پہنچا دوں جب اس عمل کو کریں ایاز صاحب میرے استاد سید لعل حسین چٹی ڈھکی کاظمین کو دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔ یہ عمل آپ کو عزت دولت' رجوع خلائق' آمدن' بلند اقبالی اور رکے ہوئے کاموں کی گرہ کھولنے میں معاون ثابت ہوگا اگر سمجھ نہ آئے تو ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ یا پھر مجھ سے رابطہ کر کے تفصیل حاصل کر سکتے ہیں۔ نقش لکھتے وقت آداب نقش کا خیال رکھیے گا۔ اور اپنے مسائل کا حل اس پاک کلام سے حاصل کیجئے۔

آیات
قُلِ اللّٰھُمَّ مالکَ الملک = 16879
=918
طالب علی لیاقت مادر 17860-30÷4

4 / 17830
16
18
16
23
20
30
28
2

4457
کل جواب باقی 2 خانہ نو

ساعت شمس عروج ماہ میں لکھیں اور سونا چاندی ورک لگا کر جمعہ کے دن بازو بند کر لیں اور روزانہ 41 دن تک سورۃ آل عمران کی آیت 26۔ بغیر حساب تک پڑھیں۔ 1000 مرتبہ پھر روزانہ 25 مرتبہ اور یہ ورد روزانہ 19 دن تک 1000 مرتبہ اس کے بعد نام کی اکائی کر کے یا نام کے اعداد کے مطابق ورد رکھیں اور حیرت انگیز کمالات دیکھیں یہ عمل تمام عملیات سے بے نیاز کر دیتا ہے۔

یَا عَظِیمُ ذَالثّناء الفاخِر وَالعِزُّ وَالمجدِ وَالکبریاء فَلا یُذِلُّ عِزَّہٗ یَاعظِیمُ یَاسمیعُ یَابصیرُ یَالطیفُ یاکریمُ یَارَافعُ۔

عمل نمبر 2

گمشدہ۔ ناراض ہو کر دور جانے والوں کو واپس بلانے کیلئے مرد ہے تو مشتری عورت ہے زہرہ میں عمل کریں۔ اول آخر گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں درمیان میں سورۃ والضحیٰ تعداد قمری مطلوب کے مطابق پڑھیں۔ اگر تاخیر محسوس ہو تو اعداد شمسی لے کر پڑھیں اور احتیاط شمسی بھی مدنظر رکھیں کامیابی عمل کے بعد لازماً چھ کلو چینی سوا کلو مسور حشرات کو ڈالیں اور شکرانے کے دو نفل ادا کرے۔ اللہ آپ سب کی مدد کرے آمین۔

نگینہ حاضرات

عملیات کی دُنیا میں بہت سے لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ اُن کے پاس کوئی مضبوط حاضرات ہو جو کہ اُن کے سوال کا 100 فیصد جواب دے سکے اس کے علاوہ مشکل امور میں مدد کر سکے نگینہ حاضرات کی مدد سے 100 فیصد حاضرات ظہور میں آتی ہیں جو کہ عامل کی ہر بات کا جواب دیتی ہیں۔ عزت' مال' دولت' شہرت' تسخیر محبوب' دفع بیماری' بے اولادی کا خاتمہ' اور اس کے علاوہ آپ کی ہر جائز خواہش کے مطابق اللہ کے حکم سے اسباب پیدا کر دیتی ہیں۔ یہ نگینہ آپکی کامیاب زندگی کی علامت ہے اور بہت مشکلات میں آپ کے لئے آسانیاں پیدا کرتا ہے۔ جس کا آپ کے پاس ہونا لازمی ہے۔

سلسلہ وار روحانی علاج

تحریر:- بابا صوفی انبالوی ملتان

دعاء وباء

مویشیوں کے جب وبا پھیلے تو اس وقت یہ دعاء اول و آخر سات بار درود شریف پڑھ کر لکھے۔
یَا اُمِّ مُلْدَمَۃ وَیَا اُمِّ صَدْمَۃ وَیَا اُمِّ الْوَبَآءِ بِقَوْلِ لَکَ الشیخ عبدالقادر اوتحل من البلآ والی الجبال بحق یاشیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً لِلّٰہ۔

برائے چندری

سورة لایلف سات بار مرچ سیاہ پر دم کر کے مریض کو ایک دانہ مرچ کا چالیس روز تک کھلائے اور ایک دھاگا لے کر اس کلام یَا عَزِیْزُ یَا اللہ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ اور پھر ان دانوں کو جس جگہ غلہ رکھنا منظور ہو ڈال دے۔انشاء اللہ اس غلہ میں برکت کثیر ہوگی۔جب ضرورت کے لیے غلہ نکالنے لگے۔اس وقت بھی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لیا کرے۔

برائے درد ریح

جس جگہ ریح کی درد ہو اس جگہ کو زور سے پکڑ کر سورة فاتحہ گیارہ بار پڑھ کر دم کرے ایک بار یا دو بار کرنے سے آرام نہ ہو تو تیسری بار کرے انشاء اللہ تیسری بار آرام آجائے گا۔

بانجھ عورت کیلئے

سورة نور کے پانچویں رکوع کی آیت جو مندرجہ ذیل ہے چالیس لونگ لے کر سات سات بار ایک ایک لونگ پر پڑھے اور بانجھ عورت ایک لونگ رات کو کھائے اور اس کے بعد پانی نہ پئے اور مرد سے ہم بستر ہو۔انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔فراغت حیض کے بعد اگر شروع کرے تو زیادہ مفید ہے آیت یہ ہے۔اَوْکَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌ بَعْضُھَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ یَدَہٗ لَمْ یَکَدْ یَرٰھَا وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ نُوْرًا فَمَالَہٗ نُوْر (سورة نور ۴۰)۔

برائے درد رینگن یعنی عرق النساء

اول درود شریف دس بار اور پھر الحمد شریف سات بار اور سورة قل ھو اللہ احد سات بار اون کا سیاہ دھاگہ لے کر اس پر دم کرے اور ایک گرہ دے۔پھر دوبارہ پڑھ کر اور ایک گرہ دے۔اسی طرح نو بار پڑھ کر نو گرہ دے کر وہ دھاگہ مریض کو نہلا کر اور پاک صاف کر کے کمر میں باندھے۔انشاء اللہ فوراً آرام آجائیگا۔اور آئندہ پھر اس کی شکایت نہ ہوگی۔

برائے خنازیر خشک وتر

بکرے کی کھال کا تسمہ جو کم از کم سوا گز یا مریض کے قد کے برابر ہو لے کر ایک بار سورة فاتحہ پڑھ کر ایک گرہ دے۔پھر ایک بار دوسری گرہ دے۔اسی طرح ۴۱ بار پڑھ کر ۴۱ گرہ دے کر وہ تسمہ مریض کے گلے میں باندھ دے۔انشاء اللہ آرام آجائیگا۔

گلے کا درد

اتوار کے روز باوضو یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔انشاء اللہ گلے کا درد جاتا رہے گا۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْھَا خَلَقْنٰکُمْ وَفِیْھَا نُعِیْدُکُمْ وَمِنْھَا نُخْرِجُکُمْ تَارَۃً اُخْرٰی (طٰہٰ ۵۵) کھیعص عسق۔

برائے کور چشم

جس شخص کو رات کو نظر نہ آئے اس کیلئے یہ کرے کہ بکری کا کلیجہ لیکر اس کو سات ٹکڑے کرلے۔اور ان کو بھون لے اور ہر ایک ٹکڑے پر سورة قل ھو اللہ تین بار پڑھ کر دم کرلے اور اسے کھلائے انشاء اللہ آرام آجائیگا

سلسلہ وار یونانی ٹوٹکے

تحریر:۔
علامہ قادری
لاہور

بانجھ پن

برادہ دندان فیل چار تولے' زعفران تین ماشہ' طباشیر نو ماشے سونٹھ چھ ماشے' الائچی خورد ایک تولہ' تخم کونچ چھ ماشہ' ریش پیپل چھ ماشہ' ریش برگد چھ ماشہ' کالی ہڑ ایک تولہ' قند سیاہ دو تولہ۔

تیاری:۔ ان ادویات کو باریک پیس کر مریضہ کو صبح شام چھ ماشے پانی کے ہمراہ بعد فراغت حیض استعمال کرائیں۔

اور خاوند سے ہم بستر ہو۔ انشاء اللہ بفضل خدا حمل قرار پائے گا۔

دیگر:۔ مائیں خورد' ناگ کیسر' قند سیاہ ایک ایک تولہ' زعفران چھ ماشہ۔

تیاری:۔ ان سب ادویات کو باریک پیس لیں مریضہ کو روزانہ چھ ماشے ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ پھر خاوند سے ہمبستر ہو۔

دیگر:۔ طباشیر ایک تولہ برادہ دندان فیل تین تولہ' تخم شونگی ایک تولہ' کوزہ مصری ایک تولہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر صبح شام ہر روز شے نو یا ہمراہ دودھ استعمال کریں اور مریضہ خاوند کے ساتھ ہم بستر ہو۔ انشاء اللہ حمل قرار پائیگا۔

دیگر:۔ برادہ داندان فیل دس ماشہ'

تیاری:۔ برادہ کو اچھی طرح باریک پیس لیں۔ حیض کے غسل سے فارغ ہونے کے بعد عورت کو روزانہ صبح دو ماشے پانچ روز تک دیں۔ اس کے بعد میاں بیوی اکٹھے ہوں بفضل خدا حمل قرار پائے گا۔

دیگر:۔ ریش پیپل' ریش برگد' قند سیاہ کہنہ ہر ایک دو تولہ۔

تیاری:۔ پیپل اور برگد کی ریش کو باریک پیس کر قند سیاہ اس میں ملائیں۔ غسل حیض کے بعد ہر روز صبح شام تین روز تک ایک تولہ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

دوا کے بعد میاں بیوی اکٹھے ہوں۔ انشاء اللہ بفضل خدا حمل قرار پائیگا۔

دیگر:۔ مصطگی رومی' گل دھاوا' گل سرخ' لونگ' دارچینی' ہر ایک چھ ماشہ زعفران جوز بوا' افیون ہر ایک دو ماشہ مشک خالص دو رتی۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر پرانی قند سیاہ ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

حیض کے غسل سے فراغت کے بعد سات روز تک مریضہ کو روزانہ ایک گولی ہمراہ پانی دیں۔

اس کے بعد میاں بیوی اکٹھے ہوں۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔

دیگر:۔ برگ بھنگ آٹھ ماشے' افیون' زعفران ہر ایک چار ماشہ' مشک خالص آٹھ رتی' لونگ چودہ عدد سپاری دکنی بارہ عدد' جائفل چار عدد۔

تیاری:۔ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ غسل حیض کے بعد صبح شام انشاء اللہ پہلے مہینے حمل ہوگا۔

دیگر:۔ برادہ دندان فیل چار تولے۔ ریش پیپل۔ ریش برگد۔ ہر ایک دو تولہ طباشیر۔ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔

تیاری:۔ سب کو باریک سفوف کرلیں۔ چار ماشہ ہمراہ دودھ بعد از فراغت غسل حیض سات روز تک دیں۔

اسقاط حمل

بدگ ببول دس تولہ' کو نصف سیر پانی میں پکائیں نصف پانی رہ جانے کے بعد ولائتی کھانڈ ملا کر پلائیں۔ دوران حمل خون آنے کو مفید ہے۔

دیگر:۔ گیرو' گل ببول' مجیٹھ' سفوف ہرمچی' سفید صندل' ہر ایک ایک تولہ الائچی کلاں چار ماشہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر مصری تین تولے ملائیں صبح شام دو ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

دیگر:۔ مروارید' ناسفتہ دو ماشے' گل زیوفر' دو تولہ' چوک گنڈھی دو تولہ مروارید کو لیموں کے پانی میں کھرل کریں اس کے بعد گل نیلوفر اور چوک گنڈھی باریک کر کے اس میں حل کریں پانی کی مدد سے کالی مرچ برابر گولیاں بنالیں۔

ایک گولی روزانہ ہمراہ پانی استعمال کریں حیض کے دنوں میں گولیاں استعمال نہ کریں دوران حمل بھی علاج جاری رکھیں انشاء اللہ حمل اسقاط نہیں ہوگا۔ اور اولاد نرینہ ہوگی۔